کتاب دوست

کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست

شمارہ: ۱

کنز الآثارِ صدّیقی

ربیع الاوّل ۱۴۰۶ھ



کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست کتاب دوست

قومی ھجرہ کونسل
اسلام آباد ۰ پاکستان
۱۴۰۶ ہجری

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

بخدمت پروفیسر محمد اقبال مجددی
منجانب
منظور الحق صدیقی
۲۵ مئی ۱۹۸۶ء
سی اے - 241-اے
راولپنڈی

کتاب دوست

مخطوطات وقلمی دستاویزات کے تحفظ کی مہم

ذخیرہ محمد اقبال مجددی لاہور

شمارہ-۱

کنز الآثارِ صدیقی

آلِ زبدۃ الاولیاء حضرت قاضی قوام الدّین رُتکی
کے باقی ماندہ جواہر پاروں کا ایک حصہ

قومی هجرہ کونسل اسلام آباد (پاکستان)

ربیع الاوّل ۱۴۰۶ھ

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ

مخطوطات و قدیم دستاویزات اور تحریری ذخائر کی حفاظت کی مہم

137521

نام کتاب: **کتاب دوست** (شمارہ-۱)

نگران : ڈاکٹر این اے بلوچ

نام ذخیرہ : کنز الآثارِ صدیقی

صاحبِ ذخیرہ : پروفیسر منظور الحق صدیقی

ناشر : قومی ہجرہ کونسل، ۲۰ مسجد روڈ ایف سکس فور، پوسٹ بکس نمبر ۱۵۰۱، اسلام آباد (پاکستان)

اشاعت اوّل : ۱۴۰۶ھ

تعداد : ایک ہزار (۱۰۰۰)

قیمت : ۳۵ روپے

مطبع : پرنٹنگ ٹیکنیک اینڈ پیپر کنورٹنگ اسلام آباد۔ فون: ۸۵۳۳۹۰

فہرست مندرجات

پیش لفظ —— ڈاکٹر این۔ اے بلوچ —— و-ب

باب اوّل —— تعارفِ خانوادہ و صاحبِ ذخیرہ —— ۱

باب دوم —— تعارفِ کنز الآثارِ صدیقی —— ۷

باب سوم —— کتب و رسائل کے خطی نسخے —— ۱۲

باب چہارم —— مخطوطات و قلمی دستاویزات کے عکسی نمونے —— ۶۸

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

۱۹۸۴ء میں پندرھویں صدی ہجری کی تقریبات کے سلسلہ میں قومی ہجری کمیٹی کی جانب سے کراچی میں منعقدہ کتب کی بین الاقوامی نمائش کا افتتاح کرتے ہوئے صدر پاکستان، محترم جناب محمد ضیاء الحق صاحب نے تاکید فرمائی کہ نادر اسلامی کتب اور مخطوطات کی حفاظت کی جائے۔ اس سلسلہ میں قومی ہجری کونسل نے ایک سو نادر اسلامی کتب کی اشاعت کا منصوبہ تیار کیا ہے جس پر تیزی سے کام ہو رہا ہے۔

عہدِ اسلامی میں برِ صغیر عموماً اور خطۂ پاکستان خصوصاً درس و تدریس اور کتابوں کی تصنیف و اشاعت کا مرکز رہا ہے۔ یہاں ماضی میں کئی کتب خانے قائم ہوئے جن میں خانگی اور عومی ذخائر محفوظ کئے گئے۔ انگریزوں کے تسلط سے اسلامی درسگاہوں کا زوال شروع ہوا اور پچھلے چار سو برس میں اس زوال کے سبب کئی کتب خانے اور نایاب مخطوطے ضائع ہو گئے۔ ہماری بے اعتنائی کی وجہ سے قومی آزادی کے بعد بھی کتب کی خرد برد کا یہ سلسلہ جاری رہا ہے۔ حتیٰ کہ ہمارے اپنے شہری بھی مخطوطات کی تجارت میں مشغول ہیں اور اپنے آبا کی نایاب کتب ثمناً قلیلاً پر باہر بھیج رہے ہیں۔

اُمید ہے کہ ہم میں احساسِ زیاں پیدا ہو گا اور ہمارے شہری خود بخود ذخائرِ کتب کی حفاظت کریں گے۔ فوری طور پر ضرورت اس امر کی ہے کہ ایک خاص فنڈ قائم کیا جائے اور کتب شناسی کے ماہرین کی ایک کمیٹی قائم کی جائے تاکہ وہ اس طرح فروخت ہونے والے مخطوطات اور دستاویزات فوری طور پر خرید سکے۔

قومی ہجری کونسل کی جانب سے حفاظتِ مخطوطات و دستاویزات کی مہم کا یہ عبوری منصوبہ بھی اسی سلسلہ کی کڑی ہے، تاکہ مُلک میں اہلِ علم حضرات کے ہاں محفوظ مخطوطات اور تحریری نوادرات کا تعارف کرایا جا سکے۔ اس سے جہاں قومی سطح پر ان ذخائر کی اہمیت اور حفاظت کا احساس پیدا ہو گا وہیں نایاب کتب و مخطوطات کی فہرست اور ہر ایک کے موضوع اور نفسِ مضمون کا خلاصہ احاطۂ تحریر میں آ کر محفوظ ہو جائے گا۔

Marfat.com

ہم ربیع الاوّل کے ماہِ مبارک سے اس مہم کی ابتداء کر رہے ہیں اور اپنے پہلے شمارہ میں جناب منظور الحق صدیقی صاحب، راولپنڈی کے ہاں محفوظ نایاب ذخیرہ کا تعارف کرا رہے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ یہ تعارف پڑھ کر قارئین کو یہ احساس ہوگا کہ ہمارے بعض اہلِ علم شہریوں کے ہاں کتنے قیمتی تحریری نوادرات موجود ہیں اور کتنی محنت اور مشقت سے انہوں نے ایسے نایاب ذخائر کی حفاظت کی ہوگی۔

میں جناب منظور الحق صدیقی صاحب کا ممنون ہوں کہ انہوں نے ہمارے نیک مقاصد میں ہمارا ساتھ دیا، اور نہ صرف اپنے ذخیرے کے مطالعے اور فہرست تیار کرنے کے لئے ممکن سہولت فراہم کی بلکہ تعارف کرانے میں ہمارا ہاتھ بٹایا۔

کونسل کے عملے کے لائق فرد محترم محمد نذیر رانجھا نے "کنز الآثار صدیقی" میں شامل کتب و رسائل کے خطی نسخوں کی فہرست تیار کی ہے۔

اسلام آباد

۲۲ ربیع الاوّل ۱۴۰۶ھ

ڈاکٹر این اے بلوچ

مشیر قومی ہجری کونسل، اسلام آباد

Marfat.com

باب اوّل

تعارفِ خانوادہ

صاحبِ ذخیرہ کے خاندان کے بارے میں پروفیسر ڈاکٹر وزیرالحسن عابدی نے اپنی تقریر میں کہا کہ "میں ان کے تاریخی خاندان سے متعلق کافی معلومات رکھتا ہوں۔ ہماری تہذیب کے میدان میں علم و فضل والے جن خاندانوں کا ذکر اہمیت رکھتا ہے، ان میں ایک خاندان پروفیسر منظور الحق صدیقی کا ہے۔ خاص طور سے شمالی ہند، دہلی اور اطراف دہلی کی جو اسلامی تہذیبی تاریخ ہے اس میں ان کے بزرگوں کی بڑی خدمات ہیں[1]۔" دہلی کے قریب رُہتک کا ضلع ہے۔ رہتک اور مہم میں صدیقی شیوخ کا ایک خاندان تھا جس میں علم و فضل، سلوک و تصوّف اور امارت و قیادت متوارث رہی ہیں۔ مسلم عہد حکومت میں اس خاندان کے ارکان قاضی، مفتی، محتسب اور دوسرے سول اور فوجی عہدیدار رہے[2]۔"

اس صدیقی خاندان کے ہندوستان میں مورثِ اعلیٰ زبدۃ الاولیا[3] حضرت قوام الدین قدس سرہ العزیز ساتویں صدی ہجری (تیرھویں صدی عیسوی) کے آخر میں وارد دہلی ہوئے۔ حضرت نظام الدین اولیاؒ سے خرقہ خلافت پایا۔ بادشاہ نے عہدۂ قضا پر مامور کر کے رُہتک بھیجا۔ آپ کا اور آپ کی اہلیہ بی بی عین البدر بنت قاضی محمد سرخ ذوالقرنی کا مرقد قلعہ رُہتک میں ہے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے دورِ حکومت کے آغاز تک پرگنہ مہم (اب ضلع رہتک میں) کے مناصب قضا، افتا، احتساب، میر عدل، خطابتِ جمعہ اور نرخ نویسی لگاتار اس خاندان میں رہے۔ ایک ہی خاندان میں چھ عہدوں کا کئی صدیوں تک رہنا اس خانوادے کی اعلیٰ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

۱۔ منظور الحق صدیقی : نمونے کا ایک نوجوان لاہور ۱۹۷۱ء ص ۲۷

۲۔ دیباچۂ تحریکِ آزادی ۱۸۵۷ء میں مسلمانانِ رہتک کا حصہ از منظور الحق صدیقی

۳۔ ایک شاہی فرمان سے

Marfat.com

ان مقامی مناصب کے علاوہ کئی بڑے بڑے مناصب پر اس خاندان کے افراد مامور رہے مثلاً دشاہ لطف اللہ سہ ہزاری صوبہ لاہور کے نائب گورنر تھے۔ مستقیم الدولہ نصرت جنگ محمد احسان خان بہادر سپہدار جنگ تھے اور ان کی ملکیت میں چوبیس گاؤں تھے۔ نزہتہ الخواطر میں عہد ہمایوں بادشاہ کے ایک بڑے منصبدار فضل اللہ کے بارے میں لکھا ہے کہ فقہ، اصول اور عربیت کے مشہور علماء میں تھے۔ مرد قانع اور متوکل تھے[۴]۔ حضرت محمد یحییٰ معروف بہ شاہ خوب اللہ الہ آبادی (م ۱۱۴۷ء) نے اپنی کتاب ملاک الاعتقاد میں امام مغازی مولانا حافظ شاہ رزق اللہؒ کے بارے میں لکھا ہے کہ فضیلت را با درویشی و درویشی را با منصبداری جمع کردہ اند[۵]۔ علم و فضل اور درویشی اور منصبداری کی یکجائی تمام مسلم عہد حکومت میں اس خانوادے کا طرۂ امتیاز رہی ہے۔

ان اور بہت سے دیگر مناصب کے علاوہ اس خانوادے کے ادبائے کرام، مشائخ عظام اور علمائے دین نے علم و ادب کی ترویج اور فروغ اسلام کے لئے گراں بہا خدمات انجام دیں۔ دہلی کے پٹھان سلاطین اور مغل شہنشاہوں کے تحت اس خاندان کے متعدد افراد اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔ اضلاع حصار، رہتک، کرنال اور گوڑگانوہ کے مسلم راجپوتوں کو حلقۂ اسلام میں لانے اور ان کی اصلاح کرنے میں اس خاندان نے نمایاں کام کیا[۶]۔ ۱۹۴۷ء تک کوئی دور ایسا نہیں گزرا کہ سوبہ ہریانہ میں اس خاندان نے علم و عرفان کی شمع فروزاں نہ رکھی ہو۔ صرف بارہویں صدی ہجری کے مشائخ میں حضرت شاہ نصراللہ نعرقیؒ، شاہ نجم اللہؒ، شاہ اوحد مولوی بدر الدین رہتکی ثم لکھنویؒ، شاہ عبدالحکیم مہمیؒ، سرتاج الزہاد شاہ غلام جیلانی رہتکیؒ اور ہادی ہریانہ شاہ محمد رمضان شہیدؒ نے یہی نہیں کہ ہزاروں کو مسلمان بنایا بلکہ ہزاروں گھرانوں سے قدیم ہندوانہ رسم و رواج اور رہن سہن ختم کر کے انہیں اسلامی تہذیب و تمدن سے آشنا کیا۔

رہتک اور ہریانہ پر ایسٹ انڈیا کمپنی کا براہ راست تسلط ۱۸۰۹ء میں ہوا۔ پچیس تیس سال بعد حکومت کی زبان فارسی نہ رہی اور سیدھے سادے نظام عدل کی بجائے متبادل نظام قائم کیا۔ قاضی، مفتی، محتسب، میر عدل اور نرخی کے عہدے ختم کئے۔ ۱۸۳۸ء کے تیسرے ایکٹ کی دفعہ پنجم کی رو سے تمام جاگیریں ضبط ہوئیں۔ کل کے منصبدار اور جاگیردار یکلخت مفلس بنا دیئے گئے۔

۴۔ طبع لاہور، ۱۹۶۷ء ج ۴ ص ۲۸۷

۵۔ قلمی نسخہ مشمولہ کنز الآثار صدیقی ص ۲۴۹

۶۔ دہلی دربار رپورٹ ۱۹۱۱ء ص ۳۸۱

Marfat.com

جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں حصہ لینے کی پاداش میں انگریزوں نے اس جلیل القدر خانوادے کو تباہی کی آخری حد تک پہنچا دیا۔ انگریزی حکومت نے تسلیم کیا کہ "زمانہ کے بدکار ترین شیوخ قلعہ اور (ان کے مرید) رانگھڑ اور قصاب تھے اور انہیں ہی سخت ترین سزائیں بھگتنا پڑیں"۔ اس خاندان کے گیارہ علماؤ مشائخ اور دیگر مجاہدین کو پھانسی دے کر شہید کر دیا گیا۔ کچھ کو عبور دریائے شور کی سزا ملی اور اکثر مجاہد روپوش ہو گئے۔ ان کے گھروں کے فرش کو اسلحہ کی تلاش میں دو دو ڈھائی ڈھائی فٹ کھودا گیا اور فوج گھر کا تواچمٹا بھی لوٹ کر لے گئی یہ خاندان مہم اور رہتک کے قلعوں میں رہتا تھا۔ ان کی فصیلیں منہدم کرا دی گئیں۔ ان قلعوں کا ذکر آئین اکبری میں بھی ہے۔

انگریز نے وہ عہدے ختم کئے جو چار صدیوں سے اس خاندان میں چلے آرہے تھے۔ جاگیریں ضبط کیں اور سربراہوں کے سر قلم کئے مگر اس خاندان کے علم وفضل اور علاقے کی دینی پیشوائی تک اس کا ظالمانہ ہاتھ نہ پہنچ سکا۔ تعلیم یافتہ حضرات نے ریاستوں کا رُخ کیا اور وہاں نام آور ہوئے۔ اُس وقت بھی اس خاندان کا کوئی مرد ناخواندہ نہیں تھا۔ برطانوی دور حکومت میں پنجاب یونیورسٹی کے اوّلین ایم اے فارسی (۱۸۸۳ء) خان بہادر پیرزادہ مولوی محمد حسین عارف مہمی (۱۸۵۶ء۔ ۱۹۲۸ء) بن ابوالحسن مولوی سیف الرحمٰن شہیدؒ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء بن حضرت شاہ محمد اسماعیل مہمی شہیدؒ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء بھی اسی خاندان سے تھے۔ علامہ اقبالؒ نے ان کی کتاب "موتیوں کا ہار" (منظوم حکایات رومی) پڑھ کر ہی مولانا روم کو اپنا مُرشد بنایا تھا۔ اس کتاب پر علامہ اقبال نے چھ قطعات تاریخ کہے اور یہ فارسی اور اردو میں ان کے اوّلین قطعات تاریخ تھے۔ ان میں سے ایک قطعہ ہے ؎

میرے مخدوم و مکرم نے لکھی ایسی کتاب ۔۔۔ شاہد لیلائے عرفاں کا جسے محمل کہیں

ہے مصنف نخل بند گلشن معنی اگر ۔۔۔ مزرع کشتِ تمنا کا اسے حاصل کہیں

از پئے تاریخ ہاتف نے کہا اقبال کو ۔۔۔ زیب دیتا ہے اگر مرغوب اہل دل کہیں

۱۳۱۸

جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کی طرح اس خاندان نے تحریک پاکستان میں بھی بھرپور حصہ لیا اور ۱۹۴۷ء میں ہجرت کر کے پاکستان آگیا۔ اب آل قاضی قوام الدّین سے تقریباً تین ہزار نفوس کراچی، ملتان، لاہور، راولپنڈی اور آزاد کشمیر میں آباد ہیں اور تعمیر و استحکام پاکستان میں بھرپور حصہ لے رہے ہیں۔ پاکستان میں ان کے اہل قلم نے پچاس سے زیادہ اچھی کتابوں کا اضافہ کیا ہے۔ رشد و ہدایت میں اپنے آباء و اجداد کے طریقہ پر گامزن ہیں۔ طوطی ہند مولانا اسرار الحق

۷۔ رہتک ڈسٹرکٹ گزیٹیئر ۔ ۱۹۱۰ء

رہتکی ثم کراچوی ؒ (۱۸۶۸-۱۹۵۳ء) کے دست حق پرست پر کم از کم چار سو غیر مسلم ایمان لائے۔ حضرت قاری وضاحت حسن (پ ۱۹۱۵ء) دوجانوی ثم ملتانی سینکڑوں مولا جاٹ گھروں کو از سر نو مسلمان بنا کر آزادی کے بعد ضلع رہتک سے پاکستان لائے۔ رہتک اور میرٹھ سے باہر اس خانوادے کی شاخیں لکھنؤ، محمدی (ضلع لکھیم پور کھیری - یوپی)، حیدرآباد دکن، بھوپال، جے پور اور میرپور وغیرہ میں آباد تھیں۔ اسی خانوادے کے ایک بزرگ حضرت قاضی شاہ فتح اللہ صدیقی رہتکی ثم میرپوری ؒ (م ۱۰۸۸ھ / ۱۶۷۷ء) کی آٹھویں پشت میں حضرت خواجہ محمد صادق نقشبندی مجددی (پ ۱۹۲۱ء) کی اصلاحی اور تعمیر مساجد اور تعلیم القرآن کی تحریک نے بعض علاقوں میں ایک خوشگوار انقلاب برپا کر دیا ہے۔ ان بیدار مغز بوریہ نشین درویش کی مساعی جمیلہ سے اضلاع کوٹلی، میرپور، جہلم، سیالکوٹ، ساہیوال، لاہور، مانسہرہ وغیرہ میں کم از کم اتنی عالیشان مساجد تعمیر ہو چکی ہیں، جتنے سال اب ان بزرگ کی عمر ہے۔ یہ سب مساجد اور ان کے ساتھ اقامتی درسگاہیں ایک مرکزی نظام کے تحت چل رہی ہیں۔ اس نظام کو چلانے کے لئے چندہ کرنا ممنوع ہے۔ چند سال پہلے تک جن دیہات میں نماز جنازہ پڑھانے والا کوئی نہ تھا اب وہاں کئی کئی حفاظ ہیں۔ جن دیہات میں سو فیصد ناخواندگی تھی وہاں معمر لوگوں کو چھوڑتے ہوئے تقریباً سو فی صد خواندگی ہے۔ ۲۰ شوال ۱۳۸۵ھ / ۲۹ دسمبر ۱۹۶۹ء کے سعودی عرب کے تمام اور دیگر عرب ممالک کے کئی روزناموں کی شہ سرخی تھی کہ "اول شہید عربی سعودی مع العاصفہ" اور خبر میں بتایا گیا ہے کہ الشہید البطل محمد علی اسحاق قاری (معروف بہ الدکتور البکری) پہلے سعودی باشندے ہیں جو العاصفہ کی طرف سے لڑتے ہوئے فلسطین میں شہید ہوئے۔ قاری محمد علی شہید (۱۹۲۲-۱۹۶۹ء) اس خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ حکومت سعودیہ میں ڈائرکٹر ایٹی ملیریا تھے اور مدرسہ فخریہ عثمانیہ مکہ مکرمہ کے مہتمم تھے۔ ان کے پڑدادا جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کی دارو گیر سے بچ کر رہتک سے ہجرت کر کے مکہ معظمہ جا بسے تھے۔ ان چند مثالوں سے یہ بتانا مقصود ہے کہ اس جلیل القدر صدیقی خانوادے کے شاندار ماضی کی طرح اس کا حال بھی تابناک ہے۔

Marfat.com

صاحبِ ذخیرہ

نام منظور الحق ہے جس سے سن پیدائش ۱۳۳۵ھ (۱۹۱۷ء) نکلتا ہے۔ان کی تین حیثیتیں مسلمہ ہیں۔ تحریک پاکستان کے ایک نامور کارکن، معلّم اور مورّخ

پروفیسر منظور الحق صدیقی آل انڈیا مسلم لیگ کی قرارداد پاکستان والے اجلاس لاہور منعقدہ ۱۹۴۰ء میں شریک تھے اس قرارداد کو حقیقت بنانے میں انہوں نے اور ان کے ساتھیوں نے دن رات ایک کر دیا۔ راولپنڈی سے رہتک اور گوڑگانوہ تک کے دورے کر کے پاکستان کو لاکھوں دلوں کی پکار بنا دیا۔ پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے دوسرے سالانہ اجلاس منعقدہ راولپنڈی ۱۹۴۲ء کی مجلس استقبالیہ کے صدر تھے۔ اس جماعت کے صرف تین ارکان کو یہ اعزاز ملا کہ قائداعظم نے انہیں ۱۹۴۱ء میں اپنے بمبئی والے دولت کدے میں چائے پر مدعو کیا اور پانچ گھنٹے تک دو دن اپنے ارشادات سے نوازا۔ قائداعظم پیپرسیل اسلام آباد میں ان کی قائداعظم سے خط و کتابت محفوظ ہے۔ تحریک پاکستان کے کارکنوں پر تین کتابیں اب تک چھپی ہیں، سب میں ان کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے۔

پنجاب یونیورسٹی سے ایم اے بی ٹی ہیں۔ پینتیس سالہ سرکاری ملازمت میں ان کی پڑھائی ہوئی چالیس کلاسوں نے یونیورسٹی اور بورڈ کے اردو اور ریاضیات کے امتحان دیئے۔ان کا ایک بھی شاگرد کبھی فیل نہیں ہوا شاید اس سے اندازہ ہو سکے کہ یہ کس پایہ کے معلّم ہیں اور تحریک پاکستان کے اس کارکن نے سیاست کو خیرباد کہہ کر تعمیر پاکستان میں کیا حصّہ لیا۔

رسائل و اخبارات میں ان کے کئی مضامین شائع ہو چکے ہیں۔ تین مقالے "اردو دائرہ معارف اسلامیہ۔ دانش گاہ پنجاب لاہور" میں شائع ہوئے۔ اس میں نوّے فیصد سے زائد مقالے یورپین غیر مسلم فضلاء کے ہیں۔ راولپنڈی سے تحریک پاکستان پر شائع ہونے والا پہلا کتابچہ (LIVE AND LET LIVE) انہوں نے ۱۹۴۲ء میں ترتیب دے کر شائع کرایا تھا۔ ریاضیات پر تین نصابی کتابوں کے علاوہ حسابی معموں پر ان کی کتاب "محفل معماگوئی" ہے تاریخ و سوانح پر ان کی تصنیفات سالار مسعود غازی، ہادی ہریانہ، مآثر الاجداد، شاہ لطیف برّی، نمونے کا ایک نوجوان، تاریخ حسن ابدال اور قائداعظم اور راولپنڈی ہیں۔ ڈاکٹر غلام جیلانی برق نے اپنی کتاب "اسلامی مورخین" میں چودہ صدیوں کے پانچ سو مورخین میں ان کا شمار کیا ہے۔

اس ذخیرے کے بارے میں

اس ذخیرے کو کسی اعتبار سے بھی محدود خاندانی دلچسپی کا ذخیرہ نہیں کہا جا سکتا۔ اس کا چوتھائی کے قریب حصہ وہ ہے جس کا اس خاندان سے براہ راست کوئی تعلق نہیں۔ باقی میں سے بیشتر ہمارے ہم سب کے بزرگوں کا تہذیبی ورثہ ہے۔اس میں برصغیر پاکستان و ہند کی ٹھیٹھ اسلامی تہذیب و تمدن جلوہ گر ہے۔

علم و فضل والے دینی پیشواؤں کے اس خانوادے کے اکثر مناصب۔ قاضی، مفتی، محتسب، میر عدل، خطیب جمعہ، دبیر شاہی

Marfat.com

شاہی کتابدار، سب کو تقرری کے فرامین ملتے تھے۔ جاگیریں عطا ہوتی تھیں۔ پھر تجدید و تصحیح کے پروانے جاری ہوتے تھے جن منصبوں پر یہ فائز ہوتے ان کی مواہیر سے ہر روز احکام جاری ہوتے، اراضی کی خرید و فروخت ہوتی اس پر تصدیقی مہر یا گواہی ہوتی۔ مرشدوں کے اجازت نامے ملتے اور یہ اپنے خلفاء کو مجاز بناتے۔ ہر دور میں اس خاندان میں مصنّف بھی رہے یہ سب دستاویزات سنبھال کر رکھنے والی تھیں۔ پھر اس خاندان میں اپنے خاندانی ریکارڈ کی حفاظت کا شعور بھی تھا اور اب بھی ہے مختلف ادوار میں یہ اپنے نسب نامہ کی تکمیل کرتے رہے ایسے نسب نامے بھی ہیں جن میں ایک شخص کے لئے اکیس خانے ہیں (۱) نمبر شمار (۲) نام (۳) نام والد (۴) نام والدہ (۵) نام دادا (۶) نام دادی (۷) نام نانا (۸) نام نانی (۹) مقام پیدائش (۱۰) تاریخ پیدائش (۱۱) مقام وفات (۱۲) تاریخ وفات (۱۲) نام زوجہ (۱۳) زوجہ کے والد (۱۴) زوجہ کی والدہ (۱۵) زوجہ کا دادا (۱۶) زوجہ کی دادی (۱۷) زوجہ کا نانا (۱۸) زوجہ کی نانی (۱۹) تاریخ و مقام وفات زوجہ (۲۰) نام فرزندان (۲۱) نام دختران اور ان کے شوہر۔ یہ حیرت انگیز تفصیل کئی پشتوں کی ہے۔

قدیم ریکارڈ آخر کب تک قائم رہ سکتا ہے۔ کاغذ اور روشنائی کی اپنی عمر ہوتی ہے پھر دیمک۔ نمی، پھپھوندی، لاپروائی، چوری چکاری، آتش زنی میں سے ہر ایک کاغذ کا اور خاص طور پر قیمتی کاغذ کا دشمن ہے۔ ان کے علاوہ چار ایسے نازک موقعے پیش آئے کہ کل سرمایہ کا عشر عشیر بھی باقی نہ بچا۔

پہلا موقع ۱۸۳۸ء میں جاگیروں کی ضبطی کا تھا۔ اپیل کے لئے اس خاندان کی شاخ مہم کے چند حضرات نے اپنے وکیل اور مختار کے سپرد چوہتّر فرامین کئے۔ جنکی فہرست تو موجود ہے لیکن خود ان میں سے ایک بھی نہ بچا۔ ۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء میں عظیم اللہ صدیقی نے اپنی اولاد کی سہولت کے لئے ترپن فرامین، پروانوں، چک ناموں وغیرہ کی فہرست تیار کی۔ یہ فہرست موجود ہے مگر اس میں مندرج دستاویزات میں سے صرف ایک محفوظ ہے۔ تباہی کا دوسرا موقع ۱۸۵۷ء میں پیدا ہوا۔ جوشِ انتقام میں ایسٹ انڈیا کمپنی نے بہت کچھ ملیامیٹ کر دیا۔ جو باقی بچا اس پر یورپی سیاحوں اور اعلیٰ افسروں کی حریص نگاہیں لگ گئیں۔ دہلی کے چیف کمشنر لارڈ ڈبلیو ایچ ہلی نے حکمت عملی سے خاندان کی ایک سربرآوردہ شخصیت سے متعدد فرامین ہتیا لئے۔ رہی سہی کسر ۱۹۴۷ء میں پوری ہو گئی۔ ہجرت کے وقت ہزارہا دستاویزات اور قلمی کتابیں وہیں چھوڑنا پڑیں۔ پھر بھی خاندان کے معدودے چند حضرات بعض دستاویزات اور قلمی نسخے لانے میں کامیاب ہو گئے جو اب ان کی اولاد کی ذاتی ملکیت ہیں۔ ان کی مجموعی تعداد ایک سو ضرور ہو گی۔ ان کا شمار کنز الآثار میں نہیں کیا گیا۔ اس اعتبار سے زیر تعارف کنز الآثار صدیقی اس خانوادے کے بچے کھچے علمی سرمایہ کا ایک حصہ ہے مگر اتنا حقیر بھی نہیں۔ اسے استعمال کر کے صدیقی صاحب دو نہایت عمدہ کتابیں مرتّب کر چکے ہیں ہادی ہریانہ (۵۶۰ صفحے) اور مآثر الاجداد (۲۲۰ صفحے) اور ان کا کہنا ہے کہ کئی اور ان سے بھی عمدہ کتابیں لکھی جا سکتی ہیں۔ پروفیسر منظور الحق صدیقی کے اس سرمایہ میں ڈاکٹر محمد ضیاء الحق صدیقی اور شفاء اللہ صدیقی نے قابل ذکر اضافہ کیا۔

Marfat.com

باب دوم

تعارفِ کنزالآثارِ صدیقی

کنزالاثارِ صدیقی کے تحریری سرمائے کو ہم چار حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں:
۱۔ دستاویزات ۲۔ خطوط۔ ۳۔ نادر و نایاب یا کمیاب مطبوعات ۴۔ کتب و رسائل کے خطی نسخے ان میں سے پہلے تین کا تعارف حسب ذیل ہے اور چوتھے کی تفصیل باب سوم میں آئے گی۔

دستاویزات

اس تحریری سرمائے کی جان آٹھ سو کے قریب دستاویزات ہیں جن میں سے ہر ایک ہماری تاریخ کا قیمتی ورق ہے۔ اس میں صاحبِ دستاویزات کے والد اور والدہ دونوں کے آباء و اجداد کے پندرہ پشتوں تک چار سو سال کے دستخط یا بحیثیت شاہی منصبدار، دبیر شاہی، خطیب، مصنف، قاضی، مفتی، محتسب، میر عدل مہریں ہیں۔ یہ بات ہی اس ذخیرے کو منفرد بنا دیتی ہے ان میں سے کئی ایسی تحریریں ہیں جن کا براہِ راست اس صدیقی خانوادے سے تعلق نہیں۔ تین چار سو سال تک ایک غیر متعلق کاغذ کو سنبھال سنبھال کر رکھنا اور اسے تلف ہونے سے بچانا صرف ایک رچے بسے علمی اور تاریخی ذوق کے گھرانے ہی سے ممکن ہے۔ تعارف کے لئے ان دستاویزات کو نو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ شاہی فرامین اور عمائدین مملکت کے پروانے: تعداد ستاسی ہے جن میں سے پندرہ عکس اور نو امینِ ذخیرہ کے قلم سے نقل کردہ ہیں۔ قدیم ترین فرمانِ اکبری مجریہ ۹۸۰ھ/۷۲–۱۵۷۲ء ہے اور آخری پروانہ محمد اکبر شاہ بادشاہ بمہر معتمد الدولہ منہاج الدین مورخہ ۱۵ر جولائی ۱۸۱۵ء یعنی ایسٹ انڈیا کمپنی کے دورِ تسلط کا ہے ان پر اُچٹتی نظر ڈالتے ہی یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ اس قیمتی تاریخی سرمایہ میں اہل علم کے لئے معلومات کا خزانہ محفوظ ہے۔

فرمانِ اکبری مجریہ سلخ ذیقعد ۹۸۲ھ (۱۵۷۵ء) کو لیجئے۔ اس میں کہا گیا ہے ۲۳ محرم ۹۷۰ھ کے فرمان کی رو سے قاضی عبدالوہاب وغیرہ کو پرگنہ مہم سرکار حصار میں دو ہزار چار سو تیس بگھہ (۱۵۱۹۔ ایکڑ) اراضی عطا کی گئی تھی۔ ان کے اور بعض شرکاء کے انتقال پر شریعت مآب فضیلت آثار تقویٰ شعار قاضی اشرف وغیرہ اور شیخ عبداللہ محتسب کی جاگیر بحال رہی اور نئے حصہ دار نتیجۃ المشائخ العظام شیخ جیو خطیب و تقویٰ شعاری صلاح آثاری شیخ محمد مفتی اور ان کے لواحقین کو ایک ہزار تین سو سینتالیس ۱۳۴۷

Marfat.com

بگھہ اراضی بلی بلاؤازیں شیخ محمود نرخی کو ایک تنکہ یومیہ جنزیہ کی آمدنی سے ایک تنکہ مرادی ہر یوم از وجوہ جنزیہ شرعیہ) اور ذکریا و خواجہ طلبا کو چھپن بگھہ (۳۶ ½ ۔ ایکڑ) اراضی بلی۔ تنکہ اس زمانہ کا سکہ تھا اور از روئے ڈسٹرکٹ گزیٹر رہتک (۱۹۱۰ء) ایک بگھہ = ⅝ ایکڑ۔

غور طلب بات یہ ہے کہ قاضی، مفتی، محتسب، نرخی (نرخ نویسی) اور چند دیگر مناصب جن کا فرامین میں ذکر ہے ایک ہی خاندان میں تھے اور تمام مسلم عہد حکومت میں انگریزوں کی آمد تک رہے۔ اس سے اس خانوادے کی علمی سوجھ بوجھ، حکومت اور عوام میں وقار کا اندازہ ہوتا ہے۔

طالب علموں کو مرکزی حکومت گزر اوقات کے لئے زمین کی شکل میں وظیفہ دیتی رہی۔ زمین اتنی تھی کہ بٹائی پر کاشت کرانی پڑے۔ یہ طلباء اس خاندان سے نہ تھے بلکہ باہر کے طلبا اس خانوادے کے قائم کردہ مدرسہ میں پڑھتے تھے۔ رقم جنزیہ میں سے ایک تنکہ یومیہ اور وہ بھی اکبر کے زمانے میں قابل ذکر بات ہے۔

طالب علم ہی نہیں بلکہ اساتذہ کی مدد معاش بھی شاہی احکام سے مقرر تھی۔ چنانچہ چک نامہ عطائے جاگیر ۱۰۶۶ھ کی رو سے شاہجہان بادشاہ کے حکم سے جان محمد مُقرّی مسجد جامع و مکبّر عیدین قصبہ مہم کو بیس بیگھے اراضی عطا ہوئی۔ ان مقری کے نام سے پہلے ایک فرمان میں مشیخت مآب لکھا ہے۔ مُقرّی پڑھانے والے یا قرآن شریف پڑھانے والے کو کہتے ہیں اور مکبّر تکبیر کہنے والے کو خطیب کے علاوہ موذّن کو بھی شاہی اہتمام میں مدد معاش ملتی تھی۔

قریب ۱۲۰۰ھ کی ایک درخواست موجود ہے جس میں محمد زمان مؤذّن جامع مسجد مہم نے کہا کہ اسے آمدنی چبوترہ کوتوالی سے ایک آنہ یومیہ ملتا رہا۔ مدد معاش صرف جامع مسجد کے خطیب اور مؤذّن تک محدود نہیں تھی۔ محلہ کی مسجد کے کارکن بھی اس سے مستفید ہوتے تھے۔ چنانچہ فرمان مجریہ ۵ رمضان ۱۰۸۶ھ کی رو سے "تصدیق و تجدید وجہ مدد معاش دو تنکہ یومیہ از محصول سائر چبوترہ کوتوالی قصبہ مہم بنام خان محمد مؤذّن و جاروب کش مسجد متصل حویلی قصبہ مہم" کی گئی۔

جاگیریں علماء، مبلّغین اور مشائخ کرام کو بھی ملتی تھیں چنانچہ حضرت شاہ نجم اللہ (شاہی خطاب حافظ عالم خاں) اور شاہ احمد مولوی بدرالدین رہتکی ثم لکھنوی اور دیگر علماء و مشائخ کے نام عطائے جاگیر کے فرامین موجود ہیں۔

ان فرامین میں سینکڑوں خواتین کا حصّہ بھی مقرر کیا ہوا ہے۔ بلکہ بارہ فرامین ایسے ہیں جن میں صرف خواتین کو اراضی دی گئی ہے اور یہ ہر بادشاہ کے عہد میں ہوتا رہا ہے علم و فضل والے خاندانوں کی بے آسرا خواتین کو بھی ان کے اقربا کے رحم و کرم پر نہ چھوڑا جاتا تھا۔ چکنامہ ۱۲ جمادی الاوّل ۱۰۸۹ھ کی رو سے مسمّاۃ فاطمہ، عالیہ، صالحہ بانو، فاضلہ بانو اور عابدہ بانو کو بیس بیس بیگھہ اراضی عطا ہوئی۔ استحقاق یہ ہے کہ اورنگ زیب عالمگیر کو بتایا گیا کہ یہ خواتین پانچوں وقت کی نماز پڑھتی ہیں اور تلاوت کلام پاک میں مشغول رہتی ہیں نیز ان کا کوئی ذریعہ معاش نہیں۔ اسی طرح ۱۱ محرم ۱۰۹۳ھ کو اپنی

Marfat.com

مہر خاص سے بی بی صدیقہ، جمیلہ بانو، خیر النساء، زیب النساء وغیرہ دس خواتین کو دو سو بیگھہ اراضی عنایت کی اور چک نامہ مورخہ عشرہ ربیع الاول ۱۰۹۶ھ کی رو سے فیاض بانو، رقیہ، خدیجہ اور رفیعہ اولاد زبدۃ الاولیا شیخ قوام الدین رہتکی کو دس بیگھہ زرعی اراضی دی گئی۔

مدد معاش کے علاوہ ان فرامین اور پروانوں سے بیسیوں عہدوں، ان کے دائرۂ کار اور حق الخدمت کا علم ہوتا ہے۔ کنز الآثار میں پٹواری کا لفظ صرف دو پروانوں میں آیا۔ یہ ۱۱ر اکتوبر ۱۸۱۴ء اور ۲۵ر جولائی ۱۸۱۵ء عیسے کو "معتمد الدولہ منہاج الدین خان بہادر خانہ زاد محمد اکبر شاہ بادشاہ غازی" کی مہر سے جاری ہوئے۔ ۲۹ر ربیع الثانی ۱۰۷۲ھ کے فرمان میں "امیر المومنین ابو المظفر محی الدین بادشاہ عالمگیر غازی خلد اللہ ملکہ" لکھا ہے۔ اورنگ زیب عالمگیر کو امیر المومنین صرف اس فرمان میں لکھا ہے۔ یہ فرمان "عزیز اللہ بندہ اورنگ زیب بادشاہ عالمگیر ۱۰" کی مہر سے جاری ہوا۔ مفتی عزیز اللہ شہیدؒ (شہادت ۴ر محرم ۱۱۰۹ھ/ ۱۳ر جولائی ۱۶۶۷ء) صاحب کنز الآثار کے اجداد میں سے تھے (مآثر الاجداد ص ۳۲)

۲۔ بیعنامے وغیرہ: شاہی زمانے کے ایک سو بہتر بیعنامے، ہبہ نامے، بخشش نامے، کرایہ نامے، پسر گی نامے، راضی نامے، اقرار نامے، ابراء نامے، امانت نامے، مختار نامے، تولیت نامے، رعیت نامے، قسمت نامے اور وصیت نامے موجود ہیں قدیم ترین بیعنامہ ۲ر ذی الحجہ ۹۷۳ھ/ ۱۵۶۶ء کا ہے۔ ان پر سینکڑوں مہریں اور ہزاروں دستخط ہیں۔ ان سے ایک خاندان نہیں بلکہ پورے علاقہ کی صدیوں کی معیشت کا یقینی علم حاصل ہو جاتا ہے۔

ان میں کئی سو خواتین کا نام آیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے۔ کہ خواتین وراثت میں حصہ پاتی رہی ہیں۔ بیس کے قریب بیعنامے تو ایسے ہیں جن میں خواتین نے زمین خریدی یا فروخت کی۔ بخشش نامہ ہے جس میں ایک خاتون نے مسجد بنانے کے لئے اپنی اراضی وقف کر دی۔ ان میں بعض باپردہ خواتین کے حلیے بھی ہیں۔ تین بیعنامے ایسے ہیں کہ مسلم خواتین نے غیر مسلموں سے زمین خریدی۔ تمام مسلم عہد حکومت میں کسی مسلمان نے غیر مسلم کو زمین فروخت نہیں کی یا کم از کم اس کنز الآثار میں کوئی ایسا اثر موجود نہیں۔

۳۔ شجرے: آل زبدۃ الاولیا حضرت قاضی قوام الدین صدیقی رہتکیؒ کے مختلف ادوار میں قلمی شجروں کے علاوہ متعدد خاندانوں کے قلمی شجرے ہیں۔ جیسے:

Marfat.com

(ل) اولاد بندگی شیخ موسیٰ گڈھ مکتیسر (برادرزادہ قاضی قوام الدینؒ (ب) اولاد حضرت قطب جمال ہانسویؒ
(ج) نسل قوام الدین کی شاخ میرپور یعنی آلِ حضرت خواجہ فتح اللہ صدیقی رہتکی ثم میرپوریؒ (مدفن اگھار۔ کوٹلی)

(د) فاروقیاں رہتک (حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے یک جدی)
(ہ) قریشیاں بھولہ وڈالہ پرگنہ چھپاری
(و) فاروقیاں موضع ٹہنی وساچور ضلع امرتسر
(ز) قریشیاں جعفر کوٹ ضلع امرتسر
(ح) قریشیاں جگدیو خورد ضلع امرتسر
(ط) قریشیاں رائے چور کلاں ضلع امرتسر
(ی) صدیقیاں موضع بھگوان ضلع امرتسر
(ک) قریشیاں بوڑیوال
(ل) اولاد جمال نوری قریشی گوجرانوالہ
(م) اولاد شیخ سلیم چشتی عرف آرام شاہ
(ن) قاضیاں موضع چوہڑیوالہ ضلع گورداسپور
(س) قریشی ہاشمی سکنہ ماڑی کلاں ضلع سیالکوٹ
(ع) قریشیاں موضع ڈھوڈہ ضلع سیالکوٹ
(ف) مہتیاں اولاد خدا بخش
(ص) صدیقی قریشی کوچہ سکیاں امرتسر
(ق) قریشیہ ہاشمیہ اسمٰعیلیہ
(ر) صدیقیاں کیرانہ ضلع مظفر نگر۔

۴۔ تنازعات کے فیصلے اور راضی نامے : متعدد اہم فیصلوں میں سے اہم تر یہ ہیں :

(ا) متعلقہ اراضی خانقاہ حضرت مرزا جان جاناں دہلویؒ ۱۳ ر رجب ۱۲۱۷ھ
(ب) راضی نامہ متعلقہ حویلی خانقاہ مرزا جان جاناں دہلویؒ ۱۷ ر رجب ۱۲۱۷ھ
(ج) فیصلہ حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلویؒ دربارہ وحدت الوجود ۱۲۳۵ھ
(د) محلکہ حضرت مولوی نور محمد جوڑیہ ضلع حصار ۶ ذی حجہ ۱۲۴۵ھ
(ہ) شاہ عبد العظیمؒ ہمی کی جاگیر کے بارے میں کلکٹر رہتک کا فارسی میں فیصلہ ۱۳ ر جنوری ۱۸۱۰/۱۲۲۳ھ
(و) قلعہ رہتک کی شاملات دہ کا فیصلہ ہائیکورٹ لاہور ۲۴ ر مارچ ۱۹۴۴ء

۵۔ حسن ابدال سے متعلق چیزیں : کئی اہم چیزیں اس ذخیرے میں ہیں مثلاً

(ا) سکھ کارداروں کی فارسی میں تین اسناد خوشنودی ۱۸۳۶ء اور ۱۸۴۴ء کی
(ب) بیعنامہ نصف حسن ابدال ۷ ذی حجہ ۱۱۳۰ھ/۱۷۱۸ء
(ج) فیصلہ ملکیت حسن ابدال : میجر کریکرافٹ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کا اردو میں فیصلہ ۳۱ ر جون ۱۸۶۴ء

Marfat.com

(د) بستہ پنجہ صاحب۔ ایک مقدمہ میں وکیل کا بستہ۔ اس میں پنجہ صاحب کی دوسروں شہروں میں ملکیت بھی درج ہے جو محکمہ متروکہ املاک کے علم میں نہیں۔

(ہ) حسن ابدال اور گردو نواح کے دیہات کے بعض خاندانوں کے شجرہ ہائے نسب

(و) بعض بیعناموں کی نقول

(ز) کیڈٹ کالج کے پہلے پچیس سال کی تاریخ کے لئے مواد

۶۔ حضرت خواجہ محمّد صادق صدیقی نقشبندی مجدّدی: آزاد کشمیر کے معروف مصلح، ساٹھ سے زیادہ شاندار مسجدیں بنوانے والے اور درسگاہیں قائم کرنے اور چلانے والے بزرگ حضرت خواجہ محمد صادق (پ۔ ۱۹۲۱ء) کی دینی بیداری کی تحریک پر مواد۔

۷۔ کمپنی کا عہد تسلط۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کے عہد کے کئی کاغذات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے انتظامی اور معیشی تبدیلیوں سے اس خاندان کا اثر و رسوخ اور وقار مجروح ہوا۔ قاضی، مفتی، میر عدل محتسب وغیرہ کے مناصب جو نسلاً بعد نسلٍ اس خانوادے میں چلے آ رہے تھے، موقوف ہوئے اور معافیاں اور جاگیریں ضبط ہوئیں۔ عدالتی زبان فارسی رہی پھر اردو ہوگئی۔ مقامی سرکاری عہدیداروں کے نام، ہندو بنیوں نے ہجری کی بجائے پہلے عیسوی اور پھر بکرمی سن لکھے۔ مختلف سنوں کے اور قیمتوں کے اشتام پیپر۔

۸۔ تحریک پاکستان اور ہجرت: تحریک پاکستان اور ہجرت کے بارے میں سینکڑوں تحریریں۔ کارکنوں، مقامی عہدیداران مسلم لیگ اور دوسروں کے بیانات۔

۹۔ متفرق: املاک کی فہرستیں، فرد مصارف، امتحانی سندیں، مشائخ کے اجازت نامے، محضر نامے استشہاد نامے، فتوے، شرح یادداشت، نکاح نامے، کتبوں کے چربے وغیرہ پر مشتمل سو سے زیادہ کاغذات اور بیشتر اہمیت کے حامل مثلاً استشہاد ناموں پر پچاس پچاس ساٹھ ساٹھ مقامی مشاہیر کے دستخط۔ فتووں میں پہلا فتویٰ ۱۱۰۷ھ اور آخری مفتی کفایت اللہ کا مرزا غلام احمد قادیانی کے بارے میں۔ کتبوں کے چربوں میں ہندوستان میں مسلم عہد حکومت کے قدیم ترین کتبے کا چربہ ہے۔ یہ کتبہ کیم ذی الحجہ ۴۴۰ھ، ۷ مئی ۱۰۴۹ء عہد سلطان عبدالرشید بن سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کا ہے۔ کابین ناموں میں ۲۱ جمادی الاوّل ۱۲۶۰ھ (۱۸۴۴ء) کو لیجئے۔ اس بظاہر غیر دلچسپ کاغذ پر صرف اس خاندان کے لئے ہی نہیں بلکہ عام تاریخی اہمیت کی ایک

Marfat.com

کتاب لکھی جا سکتی ہے۔ کابین نامہ کی زبان فارسی ہے مگر کاتب عربی داں بھی ہے۔ زرمہر ایک لاکھ ہشتاد ہزار روپیہ اور دو دینار سرخ ہے اور اسے مہر مثل لکھا ہے یعنی اتنا مہر دلہن کی بڑی بہن یا والدہ کا بھی باندھا گیا۔ کنز الآثار میں کئی دستاویزات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ بھاری بھاری مہر بھی ادا کئے گئے۔ یہ شادی خاندان میں ہوئی۔ دلہن کے ولی ان کے بھائی حضرت مولانا قاری حافظ الدین (۱۸۲۸ء۔ ۱۹۰۷ء) تھے۔ علم و عرفان میں بڑے ہی نام آور ہوئے۔ مرزا غلام احمد قادیانی نے انجام آتھم میں انہیں اور ان کے ساتھ اس خانوادے کے شاہ سلام الدین مہمیؒ اور طوطی دکن حافظ مولوی نظام الدین ہجریؒ کو بھی للکارا ہے۔ گویا ان میں پانچ ناموں میں سے تین ہماری تاریخ کے روشن ستارے تھے جنہیں جنگ آزادی ۱۸۵۷ء میں حصہ لینے کی پاداش میں شہید کیا اور دو روپوش ہو گئے تھے۔ اس لئے بچ گئے۔

خطوط

فارسی، اُردو اور چند ایک انگریزی میں ہزارہا خطوط میں سے اکثر و بیشتر تو صرف ایک خاندان کی دلچسپی کے ہیں۔ ان میں سے قدیم ترین ۱۲۴۰ھ یعنی اب سے ایک سو چھیاسٹھ سال پہلے کا ہے۔ ملکہ وکٹوریہ اور ایڈورڈ ہفتم کے عہدوں کے کئی خطوط ہیں اور گذشتہ ستر سال کے تو ہر سائز اور ہر سال کے لفافے اور پوسٹ کارڈ ہیں۔ ۲ رجب ۱۲۶۵ھ/۲۵ مئی ۱۸۴۹ء کو راولپنڈی سے دفعدار شیخ کرامت علی نے فارسی میں اپنے گھر خط لکھا کہ راولپنڈی میں قرآن شریف نہیں ملتا۔ اس زمانہ میں فوجیوں کو خط بھیجنے کے لئے اسے تھانے میں دیا جاتا تھا اور وہاں دو پیسے (ایک روپے میں چونسٹھ پیسے ہوتے تھے) دے کر رسید لے لی جاتی تھی چنانچہ ۱۱ اپریل اور ۵ جولائی ۱۸۴۹ء ایسی دو رسیدیں مہر "تھانہ مہم ضلع رہتک" محرّر کے دستخطوں کے ساتھ موجود ہیں۔ اس میں تحریک پاکستان کے کارکنوں کے کئی خطوط ہیں۔ یہاں ہمیں الیف جے ویسٹرن ہیڈ آف دی کیمبرج مشن دہلی (انگریز)، سری مہاراج گوروا چاریہ رام دیو گورنر گورو کل یونیورسٹی کانگڑی اور رجسٹرار ہندو یونیورسٹی بنارس کے اردو زبان میں خط ملتے ہیں۔ اس مجموعے میں دو سو سے زیادہ خطوط ضرور ہیں جو قومی حیثیت کے حامل ہیں۔ وفات یافتہ مشاہیر میں علامہ شبلی نعمانی، خان بہادر مظفر احمد فضلی، سید اولاد حسین شادان بلگرامی، علامہ اقبال، میر غلام بھیک نیرنگ، شیخ غلام یسین مالک اخبار وکیل امرتسر، چودھری رحمت علی، بابائے اردو مولوی عبدالحق، مولانا حبیب الرحمٰن شروانی، سورج نرائن مہر، سر چھوٹو رام، خان بہادر ناصر علی، مرزا حیرت دہلوی، صاحب زادہ محمد ضیاالدین سجادہ نشین سیال شریف، سید آل رسول علی خاں سجادہ نشین درگاہ شریف خواجہ اجمیری، ڈاکٹر سید عابد حسین، علامہ عنایت اللہ المشرقی، سر عبدالقادر، نواب محمد جہانگیر آف منگرول (کاٹھیاوار)، قائد اعظم محمد علی جناح، ڈاکٹر سر ضیاء الدین، مولانا ثناء اللہ امرتسری، مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا مودودی قابلِ ذکر ہیں۔

Marfat.com

مطبوعات

پروفیسر منظور الحق صدیقی کے وسیع کتب خانہ کی خاص خاص مطبوعہ چیزوں میں سے چند یہ ہیں:

۱۔ اس جلیل القدر خانوادے کی لکھی ہوئی سو سے زائد کتب و رسائل ان میں وہ کتابیں بھی ہیں جنہوں نے علاقہ ہریانہ (بھارت) میں اسلام پھیلایا اور منطق، نفسیات، قانون کی وہ کتابیں بھی ہیں جو سو سال پہلے پنجاب یونیورسٹی کے نصاب میں تھیں۔

۲۔ بندوبست کی رپورٹیں اور گزیٹیئر۔ ضلع اٹک (۱۹۰۷ء)، دوجانہ (۱۹۰۴ء)، ضلع جہلم (۱۹۰۴ء)، ضلع گوجرانوالہ (۱۸۹۵ء) اور ڈیرہ اسمٰعیل خان (۱۸۷۶ء) کے گزیٹیئر۔ راولپنڈی اور ریاستہائے جموں وکشمیر کی اوّلین بندوبست دوامی کی رپورٹیں۔ ضلع رہتک کی تاریخ (۱۸۸۴ء) اور تاریخ بلوچستان ۱۹۰۷ء کا وہ نسخہ جو مصنف رائے بہادر ہتو رام کا دستخطی ہے۔

۳۔ سیاسیات میں چودھری رحمت علی کا پمفلٹ "ناؤ اور نیور" NOW OR NEVER ان کی کتاب پاکستان فادر لینڈ کا ۱۹۴۷ء کا ایڈیشن اور ان کی دی ملت آف اسلام (۱۹۴۲ء) اور ان پر خان اے احمد کی کتاب دی فاؤنڈر آف پاکستان (۱۹۴۲ء)، میر پور کمیٹی رپورٹ ۱۹۴۰ء اور اردو ہی میں نہرو رپورٹ (۱۹۲۸ء) اور انگریزی میں بھوڑا ضلع گوڑ گانوہ کے مسلمانوں پر ہندوؤں کے مظالم کی دلخراش رپورٹ مطبوعہ جمعیت العلمائے ہند (۱۹۲۴ء)، راولپنڈی سے ۱۹۴۲ء میں تحریک پاکستان پر شائع ہونے والا اوّلین کتابچہ "زندہ رہو اور زندہ رہنے دو" (LIVE AND LET LIVE)، پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کی پاکستان کانفرنس منعقدہ لاہور (۱۹۴۱ء)، دوسرے سالانہ اجلاس منعقدہ راولپنڈی (۱۹۴۲ء)، چوتھے سالانہ اجلاس منعقدہ لاہور (۱۹۴۴ء)، ڈویژنل کانفرنس منعقدہ امرتسر (۱۹۴۴ء) کے استقبالیہ خطبے۔ خان بہادر پیر زادہ مولوی محمد حسین عارف کے خطبات استقبالیہ جو انہوں نے آل انڈیا تبلیغ کانفرنس منعقدہ دہلی (۱۹۲۷ء) اور آل انڈیا مسلم لیگ کے اٹھارہویں سالانہ اجلاس منعقدہ دہلی (۱۹۲۶ء) میں دیئے۔ آل انڈیا مسلم کانفرنس کے اجلاس لاہور (۱۹۳۲ء) میں علامہ اقبال کا خطبہ استقبالیہ۔ جماعت احمدیہ کا پنجاب باؤنڈری کمیشن کو میمورنڈم جس میں اس جماعت کے ۷۷۵ مرکزوں کی فہرست ہے اور فوجی افسروں کی بھی۔

۴۔ اخبارات و رسائل میں روزنامہ ڈان کراچی کے اولین شمارے کا سپلیمنٹ (۱۵ راگست ۱۹۴۷ء)، ہفت روزہ پرواز راولپنڈی (۷ راپریل ۱۹۵۰ء)، ماہانہ صراط مستقیم راولپنڈی (مارچ ۱۹۲۲ء)، آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا سہ ماہی رسالہ کانفرنس گزٹ (۱۹۱۸ء) اور آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کا سہ ماہی دی اویکننگ (THE AWAKENING) (جنوری ۱۹۴۰ء) کے اوّلین شمارے، ہفت روزہ چودھویں صدی راولپنڈی (۱۸۹۸ء)، سرسور گزٹ نا ہن (۱۸۹۱ء)، مخزن لاہور (۱۹۰۸ء) کی مکمل فائلیں اور پنجاب مسلم لیگ کی تحریک سول نافرمانی (جنوری فروری ۱۹۴۷ء) کے دوران میں شائع ہونے والے خبرنامے "صوت اسلام" کے چار پرچے

۵۔ کئی نایاب نقشوں میں سے ضلع راولپنڈی (موجودہ اضلاع راولپنڈی، اٹک اور اسلام آباد) کا اوّلین نقشہ (۱۸۶۴ء) اور ضلع رہتک کا کپڑے پر وہ نقشہ جس میں ہر گاؤں کی حدود دکھائی گئی ہیں۔

Marfat.com

باب سوم

کتب و رسائل کے خطی نسخے

عربی مخطوطات

بیاض۔ (نظم و نثر، ادب) اس بیاض کے جامع اور کاتب شاہ محمد اسماعیل جہمی شہید جنگِ آزادی ۱۸۵۷ء ہیں۔ اس میں مختلف عربی و فارسی شعرا کا کلام جمع کیا گیا ہے اور درمیان میں کہیں کہیں عربی و فارسی نثر میں شعروں کی شرح درج ہے۔ عنوان، قصیدہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (عربی)، قصیدہ غوثیہ (عربی)، غزل اُردو، مناجات عربی، مناجات حضرت علی کرم اللہ وجہہ (عربی) قصیدہ منفرجہ لیوسفؒ و شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (عربی) وغیرہ۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جدی رسول اللہ طٰہٰ محمدؐ۔ انا عبدالقادر جیلانی شیخ کل حقیقتی (ص ۱)

اختتام: سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ ..... (ص ۱۴)

* نستعلیق، کاتب شاہ محمد اسمٰعیل جہمیؒ تیرھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۱۴ صفحات

خزائن فتحیۃ الاسرار (نثر۔ عرفان) یہ کتاب حضرت خواجہ قاضی فتح اللہ صدیقی رہتکی ثم میرپوری رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۸۸ھ) کی تالیف ہے جو زبدۃ الاولیاء حضرت قاضی قوام الدین صدیقی رہتکی کی اولاد میں سے تھے۔ آپ شیخ محمد حسن رہتاسی کے خلیفہ اور علاقہ میرپور کے قاضی القضاۃ تھے۔ آپ میرپور اور کوٹلی میں مقیم صدیقی خاندان کے جدِ اعلیٰ ہیں۔ آپ کی اولاد میں سے حضرت خواجہ محمد صادق صدیقی نقشبندی، آزاد کشمیر کے معروف بزرگ ہیں جن کی مساعی جمیلہ سے متعدد شاندار مساجد اور درگاہیں تعمیر ہوئی ہیں۔

مؤلف نے اس کتاب میں سلوک کے دستور العمل کو بیان کیا ہے اور انہوں نے اورادِ غوثیہ مؤلفہ شیخ محمد غوث گوالیاریؒ اور راحۃ الروح مؤلفہ علاؤالدین کنتوریؒ سے بھی استفادہ کیا ہے۔

کتاب کا آغاز خطبۃ الکتاب سے ہوتا ہے اور اس کے بعد آخر تک مندرجہ ذیل مضامین مربوط ہوتے چلے گئے ہیں؛ عارف کی تعریف، اوصافِ شیخ، منازلِ سلوک اور اورادِ غوثیہ، راحۃ الروح، مذاہب متصوفین، اسمائے الٰہی، اذکار، اوراد، اشغال آداب وضو، صلوٰتہائے مختلفہ، صوم، فضائل عاشورہ، تجہیز و تکفین، پاس انفاس، مراقبہ، مشاہدہ، مجاہدہ، معرفتِ علوم اربعہ، عملیات و وظائف، حرز یمانیہ، جابجا ضمناً مصنف نے اپنے اور اپنے اساتذہ و شیوخ کے حالات قلمبند کئے ہیں۔

Marfat.com

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدک یا من اضأ قلوب العارفین بشوق لقائک (ص ۱)

اختتام: برحمتک استغیث سبعون مرۃ امنہ اللہ تعالیٰ من شر الاعداء۔ قد تمت خزائن فتحیۃ الاسرار بحرمت سید الاخیار و ہادی الابرار شفیعنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم (ص ۲۷۱)

* نستعلیق خوش، کاتب محمد معصوم، فی یوم خمیس، گیارھویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ ۲۷۰ صفحات (اصل نسخہ جامعہ سلطانیہ نزد کالادیو، ضلع جہلم میں ہے جو مؤلف کے فرزند اکبر خواجہ قاضی محمد معصوم کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے، خزانۂ صدیقی میں اس کا عکس ہے)

دُعا (نثر، اوراد) جامع یا مؤلف و کاتب ضیاء الدین انور نارنولی ہیں۔ ایک نہایت جامع اور مبسوط دُعا ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللّٰھم اجعل افضل صلواتک عدداً و انمیٰ برکاتک سرمداً ... (ص ۱)

اختتام: رتب العبودیۃ المتحقق (ص ۴)

* نسخ، کاتب ضیاء الدین انور نارنولی، تیرھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۴ صفحات

لوامع البیّنات فی الاسماء والصّفات (نثر، عرفان) حضرت امام فخر الدین رازی محمد ۵۴۳ یا ۵۴۴ (۶۰۶ھ) بن عمر بن حسینؒ کی تألیف ہے جسے انہوں نے سام بن محمد بن مسعود بن الحسین سے ملنے کے بعد تحریر کیا ہے پھر اسے ہدیۃً ابی حفص عمر بن الحسین اسفہسالار (فی بلدہ لوایج) کی خدمت میں پیش کیا۔ کتاب اسماء اللہ کی شرح، اس کی صفات اور تعریف کے بیان میں ہے۔ اور درج ذیل تین اقسام پر مشتمل ہے۔

القسم الاوّل فی المبادی والمقدمات، القسم الثانی فی المقاصد والغایات، القسم الثالث فی اللواحق والمتمات

ہر قسم کے اندر چند فصلیں اور ہر فصل میں ذیلی عنوان ہیں مثلاً اسماء اللہ کی شرح کے ضمن میں "القول فی التفسیر اسمہ الوکیل" جیسے عنوان ملتے ہیں۔

(دیکھیے کشف الظنون ۲: ۱۵۶۹، الذریعہ ۱۸: ۳۶۴ - ۳۶۵)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ الذی حارت الافکار فی میادین انوار کبریاء و صمدیتہ ..... اما بعد فان اللہ تعالیٰ اسعدنی بالاتصال بخدمۃ حضرت سلطان المعظم ..... ابی المؤید سام بن محمد مسعود بن الحسین زین اللہ اسباب المودۃ ..... موجبات المحبۃ والاخاء بینی و بین الامیر الاجل الکبیر ملک الامراء عماد الدولۃ والدین ..... (ص ۱)

اختتام: قوی من لذات وذالک المنقول۔ تمت الکتاب معین الملک وہاب (ص ۳۳۵)

Marfat.com

* نسخ پختہ، کاتب نامعلوم، آٹھویں یا نویں صدی ہجری کی کتابت معلوم ہوتی ہے، عنوان سُرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں، آخری صفحہ تازہ ترخط میں مکتوب ہے۔ جلد تازہ اور مضبوط، ۳۳۶ صفحات، ۱۷ سطریں۔

نسخے پر آٹھ مہریں ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ یہ کتاب لال قلعہ دہلی کے شاہی کتب خانہ میں رہی ہے اور مغل شہنشاہ اسے مطالعہ کرتے رہے ہیں۔

فارسی مخطوطات

اثبات وحدۃ الوجود و عدم لغائر ممکن الوجود (نثر، عرفان) از حضرت شاہ غلام جیلانی رہتکی (م ۱۲۳۵ھ) مؤلف اسناد الاشجار۔ ایک بزرگ کے سوال کے جواب میں یہ رسالہ تحریر فرمایا

وحدت الوجود کے اثبات میں عرفانی دلائل ہیں۔ اس پر شاہ محمد اسمٰعیل مہی نے حواشی لکھے تھے جو اسی نسخے پر ان کے ہاتھ سے کتابت شدہ محفوظ ہیں۔

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ ...... امابعد ..... غلام جیلانی .... میگوید کہ بزرگی از فقیر سوال کرد کہ عالم لطیف کثیف بچہ طور شد .... (ص ۱)

اختتام: گر ملک باشد سیاہستش ورق (ص ۲۶)

* نستعلیق خوش کاتب مؤلف، بارہویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۲۶ صفحات

اسناد الاشجار (نثر عرفان) (تاریخ تألیف ۱۸۰۵ء) اس کے مؤلف مشہور بزرگ حضرت شاہ غلام جیلانی (ولادت ۱۱۶۳ھ/ ۱۷۵۰ء وفات ۱۲۳۵ھ/ ۱۸۲۰ء رہتک) ابن شاہ اوحد مولوی بدرالدین چشتی القادری ہیں۔[۱] اسناد الاشجار کے علاوہ آپ نے کئی کتابیں اور رسالے تحریر کئے جن میں سے مندرجہ ذیل کا ذکر ملتا ہے: رسالہ زبدۃ السالکین، کلام پاک کی چند سورتوں کی تفسیر ثمرات ہندی، لطائف السلوک، رسالہ اعمال الامراض، رسالہ خلاصۃ الاعمال، رسالہ لطائف المریدین، رسالہ شرائط المریدین، آداب پیری و مریدی، طریقہ الہدی، اظہار الاخفاء، رسالہ اثبات وحدت الوجود و عدم لغائر ممکن الوجود اور چوپائیاں سلوک (منظوم)

اسناد الاشجار ایک نادر کتاب ہے جس میں صوفیائے کے مختلف ۱۸۴[۲] سلاسل کا ذکر ہے۔ جن میں قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، مداریہ، نقشبندیہ، گاذرونیہ، طیفوریہ، کبرویہ، امامیہ، اویسیہ، خضریہ، معمریہ، رفاعیہ، ہمنیہ، خلوتیہ، ہمدانیہ، جامیہ، فردوسیہ، شطاریہ،

---

[۱] تفصیل کے لئے دیکھئے: مآثر (۶۷ ۷۳) [۲] مآثر میں ۱۹۴ سلسلے لکھے گئے ہیں

Marfat.com

عیسویہ، اصل الاصول، مغربیہ اور زاھدیہ سلسلے شامل ہیں جن سے مؤلف کو فیض نصیب ہوا تھا۔

یہ مخطوطہ مؤلف کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے اور اس کا ایک دوسرا نسخہ بھی ذخیرۂ صدیقی میں محفوظ ہے۔ یہ کتاب نادر الوجود ہے۔ فہارس میں اس کا کوئی تیسرا نسخہ ہمیں دستیاب نہیں ہوا۔ اگر اسناد الاشجار طباعت سے آراستہ ہوجائے تو اہلِ سلوک اور صوفیا کے تذکروں سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لئے یکساں مفید ہوگی۔

کتاب کے شروع میں مقدمہ، تمہید شجرہ قادریہ اور اس کے بعد کی تفصیل یُوں ہے:

اجازت نامہ شاہ بدر الدینؒ بحق شاہ غلام جیلانیؒ (ص ۸ - ۹)

فرق بیان مجاز و ماذون طریق مرید کردن شاہ بدر الدینؒ (ص ۹ - ۱۲)، اجازت نامہ شاہ محمد اجمل الہ آبادیؒ بحق شاہ غلام جیلانیؒ (ص ۱۳-۲۰)، طریق مریدن شیخ محمد افضل الہ آبادیؒ (ص ۲۰-۲۲)، طریقہ مریدن کردن در سلسلہ نقشبندیہ علائیہ (ص ۱۲ - ۲۴)، اجازت نامہ شاہ محمد وارثؒ (۲۶ - ۳۵)، فرق خلافت و اجازت (۳۵-۳۸)، مرید کرنے کی شرائط و طریقے اور دیگر مسائل طریقت (۳۸-۴۸)، غائبانہ مُرید کرنے کا طریقہ اور متعلقہ مسائل (۴۸-۵۴)، مسائل بابت بیعت زنان (۵۴ - ۵۶)، تبرکاتِ پیر (۵۵-۶۶)، مسائلِ تجدید بیعت و آداب برائے پیران (۵۶-۶۲)، شجرہ لکھنے کا طریقہ (۶۲ -۶۳)، آغاز اشجار پیران (۸۹)، شجرہ قادریہ (۱۱۳-۱۱۵)، اسناد شجرہ اوّل (۱۱۵) تا شجرہ بیست و چہارم (ص ۱۴۵)، اشجارِ چشتیہ (۱۵۲)، اسناد شجرہ اوّل (۱۵۳) تا شجرہ سی و ہفتم (۱۷۶)، اشجار سہروردیہ (۱۷۶)، اسناد شجرہ اوّل (۱۷۶) تا شجرہ سی و یکم (۱۸۸)، اشجارِ مداریہ (۱۸۸)، اسناد شجرہ اوّل (۱۸۸) تا شجرہ پنجم (۲۰۹)، اشجار نقشبندیہ (۲۱۰)، اسناد شجرہ اوّل (۲۱۰) تا شجرہ ہفتم (۲۱۶)، اسناد شجرہ اوّل (۲۱۶) تا شجرہ پنجم (۲۲۰)، اشجار گازرونیہ (۲۱۶)، اسناد شجرہ اوّل (۲۱۶) تا شجرہ پنجم (ص ۲۲۰)، اشجارِ طیفوریہ (۲۲۰)، اسناد شجرہ اوّل و دوم (۲۲۰)، اشجارِ کبرویہ (۲۲۰)، اسناد شجرہ اوّل (۲۲۰) تا شجرہ ششم (۲۲۲)، اشجار امامیہ (ص ۲۲۳)، اسناد شجرہ اوّل تا شجرہ چہارم (۲۲۴)، اشجار اویسیہ (۲۲۴)، اسناد شجرہ اوّل (۲۲۴) تا شجرہ ششم (۲۲۵)، اشجارِ خضریہ (۲۲۵)، اسناد شجرہ اوّل (۲۲۵) تا شجرہ نہم (۲۲۶)، اشجار معمریہ (۲۲۶)، اسناد شجرہ اوّل (۲۲۶) تا شجرہ ششم (۲۲۶)، اشجار رفاعیہ (۲۲۷)، اسناد شجرہ اوّل (۲۲۷) تا ہفتم (۲۲۸)، شجرہ مدنیہ (۲۳۱)، شجرہ خلوتیہ (۲۳۳)، شجرہ ہمدانیہ (۲۳۴)، شجرہ جامیہ (۲۳۵)، شجرہ فردوسیہ (۲۳۵)، اشجارِ شطاریہ (۲۳۸)، اسناد شجرہ اوّل تا شجرہ سوم (۲۳۸)، اشجارِ عیسویہ (۲۳۹)، اسناد شجرہ اوّل و دوم (۲۳۹)، اشجار اصل الاصول (۲۳۹)، اسناد شجرہ اوّل و دوم (۲۳۹)، ختم شجرہ ۶ جمادی الثانی ۱۲۲۰ھ

Marfat.com

(۲۴۰) طریق فاتحہ بنام پیران سلسلہ ہائے دبنام شیخ خود (۲۴۰-۲۴۱)، نظم فاتحہ (۲۴۱)، نسب نامہ شاہ اوحد المعروف بہ شیخ بدرالدین ونسب نامہ زوجہ وشجرہ طریقت (ص ۲۴۴-۲۴۷)، تفصیل مسئلہ توسل واستمداد از انبیاءؑ واولیاء وصلحاء وغیرہم از مؤمنین (ص ۲۴۷-۲۴۹)، مسئلہ استغاثہ وطلب از مرقد منوّر (۲۴۹)، مسئلہ استمداد باہل قبور (ص ۲۵۱)، مسئلہ نذر پیران، نذر کی تعریف، جواز وعدم جواز ومصرف (۲۵۲-۲۵۳)، مسئلہ بابت طعام فاتحہ (۲۵۳)، زنبیل اٹھانے کا مسئلہ، سوال کرنا کب جائز ہے (۲۵۴-۲۵۵)، مسائل معاملہ (دعا کرنے کی اجرت لینا) (۲۵۶)، مسئلہ فتوح (۲۵۸)، سند اعراس پیران و... اجازت نامہ وطریق آن نفع اعراس (۲۵۹-۲۶۰)، **مسائل: فاتحہ کا کھانا کھانا، فاتحہ اور ایصال ثواب کی سند** (۲۶۱) مردوں اور عورتوں کا قبر کی زیارت کرنا، پھول چڑھانا، قبر کے پاس سونا، قبر پر بیٹھنا۔ (۲۶۲) جانور ذبح کرنا، نئے مکان کی تعمیر یا خریدپر جانور ذبح کرنا، قبر کے نزدیک نماز پڑھنا، قبر پر پیر رکھنا، قبر کا طواف کرنا (۲۶۳) فرق صدقہ وہدیہ، طریقہ مولود در عرب، مولود مصنفہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (۲۶۴) خاتمہ کتاب، پیروں کی تاریخ وفات بعد میں مرتب کی جائے گی (۲۶۶) شجرہ قادریہ رزاقیہ از جانب شاہ خوب اللہ الہ آبادیؒ منظوم اردو (۲۶۷) شجرہ قادریہ حدادیہ از سید فتح محمد مکنھلویؒ، ایضاً (۲۶۷-۲۶۸) شجرہ قادریہ قمیصیہ از شاہ نور تبریزی قمیصیؒ، ایضاً (۲۶۸) شجرہ چشتیہ نظامیہ از شاہ خوب اللہ الہ آبادیؒ، ایضاً (۲۶۹)

(مآثر: ۶۷-۷۳، مشترک ۳: ۱۲۶۶)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ الذی خلق الانسان وشرفہ بتشریف الانسان سری وصیقی وقال.... عشیقی ومحبّی وانا عشیقی ومحبّ لک..... امّا بعد میگوید..... حقیر غلام جیلانی..... (ص ۱)

اختتام: .... لاتقنطو من رّحمۃ اللہ۔ تمت..... (۲۶۶)

* خط نستعلیق خوش، کتابت مؤلف کے ہاتھ سے، گویا بارھویں صدی ہجری کے آخر کی کتابت، کاغذ نازک کشمیری، نم آلود، اور کرم خوردہ ہے، عنوان سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں، ۲۷۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ کتاب کے مندرجات کی تفصیل اسی نسخے سے دی گئی ہے۔

* نستعلیق خوش (فارسی عبارت) اور نسخ خوش (عربی) کاتب کا نام اور تاریخ کتابت درج نہیں۔ احتمالاً تیرہویں صدی ہجری کا کتابت شدہ ہے، ۳۶۶ صفحات اور ہر صفحے پر ۱۶ سطریں ہیں۔ آغاز اور اختتام پہلے نسخے جیسا ہے۔ اس کے آخر میں (ص ۳۳۶ پر) "شرح دیوان خواجہ حافظ" از شیخ محمد افضل الہ آبادی قدس سرہ (م ۱۱۲۴ھ/۱۲/۱۷۱۱ء) کا ایک صفحہ ہے (شاید اس کے باقی صفحات ضائع ہوگئے ہیں) (اس شرح کا آغاز یوں ہے: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: حمد حق ونعت مصطفیٰ را"

Marfat.com

انیس الاعتقاد (نثر، عرفان) از محمد عظیم الدین (متوفی ۱۲۸۰ ہجری) بن شیخ غلام ارتضیٰ بن شیخ غلام النقیب صدیقیؒ ساکن قصبۂ مہم، در ذیل ہریانہ متصل چند کروہ (کوس) از شاہجہان آباد (دہلی) مؤلف نے اپنی بیعت و اجازت کے واقعات و حالات کا خلاصہ پیش کرتے ہوئے اپنے پیر و مرشد حضرت شاہ محمد رمضان مہمی ہادی ہریانہؒ (شہید ۱۲۴۰ھ) کے حالات بھی تحریر کر دیئے ہیں اور اس کا نام "انیس الاعتقاد" رکھا ہے (دیباچہ، ص ا)

(تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے، مآثر: ۲۷ ہادی ہریانہ)

اختتام: در آن ماہ رجب ہم بود (ص ۲۴)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الحمد للہ رب العالمین..... اما بعد می گوید.... محمد عظیم الدین ولد شیخ......

* نستعلیق خوش، کاتب مؤلف، تیرھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، عنوان سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ ۲۰ صفحات ۲۰ سطریں

اوراد حبیبیہ (نثر، اوراد) از الحاج قاری مفتی حبیب اللہ صدیقی، قادری مہمیؒ جو ربیع الثانی ۱۱۹۵ ہجری میں حیات تھے (مآثر: ۲۶)۔ ترقیمہ سے پتہ چلتا ہے کہ کتاب کی تاریخ تالیف بھی ۲۴ ربیع الثانی ۱۱۷۶ ہجری ہی ہے۔

کتاب میں مؤلف کے حرمین شریفین اور سفر حج میں دیگر مقامات کی زیارت، مختلف بزرگوں اور مشائخ سے ملاقات اور اُن سے جو فیوض و برکات حاصل ہوئے اُن کی روئیداد مذکور ہے لیکن کتاب کا مرکزی موضوع اس سفر میں ان کے معمولات ہیں۔ اسے انہوں نے "اوراد حبیبیہ" کے نام سے موسوم کیا ہے (دیباچہ) کتاب مندرجہ ذیل سات فصلوں پر مشتمل ہے۔

دیباچہ فصل اوّل دربیان نماز، فصل دوم دربیان دعوت اسماء الٰہی، فصل سوم دربیان دعوت بسم اللہ، فصل چہارم دربیان دعوت سور تہا قرآن، فصل پنجم دربیان اذکار و اشغال، فصل ششم دربیان تکبیرات، فصل ہفتم دربیان ساعات سعد و نحس، کرسی نامہ مصنف صفحات ۲۹۵-۳۰۳۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ باعث تحریر این کتاب آن بود کہ این فقیر را بنا بر حصول دولت دارین ...... (ص ۱)

اختتام: من حصن حصین رواہ البخاری۔ تمت بالخیر..... موسوم اوراد حبیبیہ ... (ص ۹۳)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، تاریخ کتابت ۲۴ ربیع الثانی ۱۱۷۶ ہجری۔ ۹۴ صفحات ۱۳ سطریں۔ یہ کتاب کے اس نسخے کا عکس ہے جو قاری وضاحت حسن رہتکی ثم ملتانی کے پاس محفوظ ہے (مآثر: ۲۷۴)

بیاض حاصل السفر (نثر۔ تاریخ) یہ بیاض حضرت شاہ محمد اسمٰعیل مہمی شہید جنگ آزادی ۱۸۵۷ء ابن شاہ عبدالعظیم کے سفر کی تاریخی یادداشتوں پر مشتمل ہے۔ یہ ایک اہم تاریخی مسودہ ہے۔ اس کے صفحۂ اوّل پر مؤلف

Marfat.com

کے دیگر رسائل کی فہرست مؤلف کے ہاتھ سے مرقوم ہے۔ بعض تحریریں عربی و اُردو میں ہیں۔
(شاہ محمد اسماعیل مہمیؒ کے حالات کیلئے ملاحظہ فرمایئے مآثر ۱۸۰۔۱۲۳)

آغاز: باسمہ سبحانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبہ نستعین ..... ز دل نگار از امید مہ نور .... (ص ۲)
اختتام: برحمتک یا ارحم الرّاحمین (ص ۶۴)۔

* نستعلیق پختہ بدست شاہ محمد اسمٰعیل مہمی شہیدؒ، تیرہویں صدی ہجری، ۶۴ صفحات

بیاض شعری (نظم۔ادب) مرتبہ و مرقومہ پیرزادہ ابراہیم حنیف صدیقی (۱۸۹۱ء۔۱۹۶۰ء) اپنے ذوق کے مطابق مختلف فارسی اور اُردو شعراء کا کلام جمع کیا گیا ہے۔ بیاض میں ان شعراء کا کلام موجود ہے: ظفر، غالب، میر سوز، انشاءاللہ، سودا، ناسخ، اکبرالٰہ آبادی، اقبال، شرر، سرشار، مولوی نذیر احمد، نظیری۔
(مرتب کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمایئے، مآثر: ۱۵۳۔۱۷۴)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم؛

باماجفا وناخوشی، باخود غرور وسرکشی　　از مائۂ از خود تۂ آخر ازان کیستی (ص ۱)

اختتام: ہیں گرفتار بلا ورطہ گرداب میں ہم　　نعرہ زن ہے ساحل ساحل (ص ۳۰)

* نستعلیق پختہ، کاتب پیرزادہ ابراہیم حنیف صدیقی، چودہویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۳۰ صفحات

بیاض شعری (نظم۔ادب) اس بیاض کے جامع اور کاتب شاہ محمد اسماعیل مہمی شہیدؒ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء ہیں۔ بیاض میں مختلف شعراء کے عربی اور فارسی اشعار جمع کئے گئے ہیں۔ ذیلی عنوان، مناجات عربی، غزل فارسی، کلام مرزا جانجاناںؒ، مناجات، رُباعیات شیخ عبدالقادر جیلانیؒ (فارسی)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم؛

محی می نالید تا معشوق گفت　　غم مخور عاشق کہ غمخوارت منم (ص ۱)

اختتام: تمت تمام شد (ص ۲۶)

* نستعلیق، کاتب شاہ محمد اسمعیل مہمی، تیرہویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۲۶ صفحات

بیاض عبدالشکور (نثر و نظم، ادب و مطالعۂ عمومی) مرتبہ و مرقومہ مولوی حاجی عبدالشکور حنفی قادری مہمی صدیقی (۱۸۳۳ء۔۱۹۱۵ء)۔ مرتب نے اپنے ذوق اور ضرورت کے مطابق اس میں شعر، طبی نسخے اور دوسری یادداشتیں تحریر کی ہیں۔

Marfat.com

(مرتب کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمایئے مآثر : ۱۲۵)

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؛

فوزیدی بہر خدا یا رحمۃ اللعالمین یا غیاث المستغیثی یا شفیع المذنبین (ص ۱)

اختتام ؛ نام مریدان ..... عبدالشکور .... نام ، نگیندی ، قوم پٹھان ، سیتاپور ، شعبان ۱۳۲۲ھ ، بروز دوشنبہ کیسہ .... (ص ۱۸۰)

* نستعلیق خوش ، کاتب مولوی عبدالشکور ، ۷ شعبان ۱۳۲۲ھ کی کتابت ہے ، ۱۸۰ صفحات

ثلثیات بخاری (نثر ، حدیث) دراصل یہ صفحات شاہ محمد اسمٰعیل مہیؒ شہید جنگ آزادی ۱۸۵۷ء کے مختلف موضوعات پر لکھے گئے نوٹس کا مجموعہ ہیں ۔ شروع میں عنوان ہے " فصل پنجم در ثلثیات بخاریؒ " ، اس فصل میں ۲۲ حدیثوں کی شرح اور فوائد مذکور تھے ۔ لیکن یہاں صرف ۲ حدیثوں کا متن اور فوائد باقی رہ گئے ہیں ۔ اس کے بعد متفرق تحریریں ، مکتوب (شاید شاہ خوب اللہ الہ آبادی کا مکتوب ہے) ، مکتوبات دیگر ، اعمال و اشغال ، قرآنی دعائیں اور آخر میں آئینہ احمدی ، طریق توجہ مرشد بر مسترشد ، معمول حضرت ابویؒ ، خاتمہ (کتابت یا تالیف) بتاریخ ۷ ، ذی الحجہ ۱۲۵۴ ہجری ۔ اس میں عربی کے علاوہ فارسی زبان میں بھی تحریریں شامل ہیں ۔

آغاز : فصل پنجم در ثلثیات بخاری رحمۃ اللہ علیہ .... (ص ۱)

اختتام : بخدا سپاردو آگاہ نماید ۔ تمام شد ۔ ۷ ذی الحجہ ۱۲۵۴ ہجری (ص ۵۸)

* نستعلیق خوش ، کاتب شاہ محمد اسماعیلؒ ، ۷ ذی الحجہ ۱۲۵۴ ہجری ، ۵۸ صفحات

تشریح نفس و رُوح ، رسالہ در . (نثر ، عرفان) مؤلف کا نام معلوم نہیں ہوسکا ۔ اس رسالے میں عرفانی لحاظ سے قلب اور روح کے لطایف و رموز پر بحث کی گئی ہے ۔

آغاز ؛ (ناقص) : دخامیت آن مثل حس است کہ بروی آب بیفتد و آن جوشش کند .... (ص ۱)

اختتام ؛ (ناقص) ، آنجا مکان مقرر نیست .... (ص ۲)

* نستعلیق خوش ، کاتب کا نام اور تاریخ کتابت درج نہیں ہے ، بارھویں صدی ہجری کی کتابت ہے ۔ ۲۰ صفحات ۱۵ سطریں

جنون المجانین (نظم ، ادب و عرفان) مثنوی " جنون المجانین " حضرت شاہ نصراللہ نصرتی (ولادت ۱۰۷۷ھ ۱۶۶۶ء ضلع رہتک ۔ وفات ۱۴ رجب سن نامعلوم ہے) بن حضرت مفتی عزیز اللہ شہید بن مفتی حبیب اللہ کی سرودہ ہے ۔ ۱۸۵۷ء اور ۱۹۴۷ء کے جو حادثات آپ کے خاندان پر آئے ان کی وجہ سے جنون المجانین کے علاوہ آپ کے دیگر آثار اور تحریریں تلف ہوگئیں ۔ جنون المجانین کو مؤلف نے

Marfat.com

اپنے مرشد کی خدمت میں پیش کیا تو وہ انتہائی خوش ہوئے۔ اور ان کی زبان مبارک پر یہ شعر وارد ہوئے:

نصراللہ مرحبا کہ بود شاد مان بود — کون و مکان در امان ما بود

جنون المجانین ای کار ساز — قبول او قتد خدمت اہل راز

"خزانۂ صدیقی" میں "جنون المجانین" کا ایک نسخہ موجود ہے۔ اور اس کے علاوہ دیگر کتب فارسی میں سوائے "کلفون" کے کسی اور میں اس کا ذکر نہیں ملتا۔ سعید نفیسی صاحب نے تاریخ نظم و نثر در ایران و در زبان فارسی (۱: ۳۲۲) میں میر قوام الدین نصراللہ قوامی خوافی (۳۴-۸۴۰ھ) کا ذکر کرتے ہوئے "جنون المجانین" نام کی ایک عرفانی تألیف کو ان کی طرف منسوب کیا ہے۔ ہمارا قیاس ہے کہ استاد نفیسی نے "نصراللہ نصرتی" اور قوام الدین نصراللہ" کے ناموں کی مشابہت کی وجہ سے اس مثنوی کو ان کے آثار میں شامل کر دیا ہے۔ اور اگر استاد اپنے ماخذ کا ذکر کرتے تو ہمارے لئے مزید واضح ہو جاتا کہ انہوں نے کہاں سے اسے نقل کیا ہے۔ ہمیں کلفون کے علاوہ کسی اور جگہ اس کتاب کا نام نہیں ملتا۔ اور وہاں شاعر کا نام "غلام احمد عرف نصراللہ" آیا ہے۔ (مشترک ۲: ۱۴۴۲) جو اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ یہ مثنوی نصراللہ نصرتی کی ہے۔ اس مثنوی کے پہلے کاتب شاعر کے خلیفہ شیخ عبدالواحد تھے:

کاتب این مثنوی عبدالوحید — اے خدا او را بکن شیخ رشید

(مآثر: ۴۰)

مؤلف کے جو حالات مثنوی "جنون المجانین" سے ہمیں میسر آئے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ مصنف کا نام نصراللہ اور تخلص نصرتی تھا۔ فنا فی الرسول ہونے کی نسبت سے اپنے آپ کو "غلام احمد" اور فنا فی اللہ ہونے کی حیثیت سے "وجہ اللہ" بلا تکلف لکھ دیتے تھے۔ ملاحظہ فرمائیں:

بر غلام احمد خود کن نظر — تا شود مقبولیت اے خیر البشر

عبد رحمان آں امام دردمند — نام نصراللہ وجہ اللہ کرد (مآثر: ۴۰)

نیز جنون المجانین کے صفحہ ۷ پر آیا ہے: "در بیان باعث مثنوی مسمّی بجنون المجانین مصنف شاہ وجہ اللہ و اسم دیگر غلام احمد مشہور باسم نصراللہ صدیقی القریشی الحنفی القادری الاحراری المفتی الملقب بنصرتی"۔

ایسے ہی شہادت ملتی ہے کہ مصنف کے پیر و مرشد حضرت عبدالرحمٰنؒ (مدفون قاسم کوٹ۔ راجستھان ہندوستان) اور والد بزرگوار حضرت مفتی عزیز اللہ شہیدؒ تھے۔

137521

Marfat.com

حضرت صدیقؓ آن جدّ من است | حضرت فاروقؓ آں سدّ من است
نصرتی صدیقی آمد در نسب | نصرتی نعمانی آمد در حسب
والدو شیخم عزیز اللہ بود | عالم و فاضل خدا آگاہ بود (ایضاً : ۴۱)

جنون الجانین کے مؤلف کے مرشد حضرت عبدالرحمٰنؒ سیّد جلال وصلوی کے پیر بھائی تھے۔ آپ کی تاریخ بیعت ۳ ربیع الاول ۱۱۰۰ھ ہے۔ عبدالرحمٰن کا طریقت کا سلسلہ نقشبندی تھا۔ جو چند واسطوں سے خواجہ عبیداللہ احرارؒ تک جا پہنچتا ہے۔ مؤلف کو علاوہ ازیں طریقت میں سلسلہ سہروردیہ سے بھی فیض حاصل تھا۔

جنون الجانین کی تکمیل کے وقت مؤلف اپنی عمر کی ۳۲ بہاریں دیکھ چکے تھے:

سال عمر من سی و سہ سال بود | کاین جنون الاولیا در من نمود

اس مثنوی کی تکمیل رمضان المبارک ۱۱۰۹ھ میں ہوئی۔

از زمان ہجرت خیر الانامؐ | یک ہزار و یک صد و نہ بود تام
در ہم بودیم در شہر صیام | منتہا شد این کتاب نیک نام (ایضاً : ۴۱)

جنون الجانین کی اہمیت کیا ہوسکتی ہے؟ ہم یہاں اس کے مؤلف کے حالات کا خاکہ "مآثر" سے نقل کرتے ہیں:

(مؤلف) فرماتے ہیں کہ مجھے ابتدا سے عشق الٰہی ہے۔ طفلی میں مجھے جنون ہوگیا تھا۔ (جنون: دنیوی مفاد سے توجہ ہٹا کر ہمہ تن اللہ کی طرف مشغول ہو جانا) پانچ سال کی عمر میں اپنے جدّ بزرگوار مفتی حبیب اللہ (متوفی ۱۶۸۲ء) کے مکتب میں حاضری دیا کرتا تھا۔ جس سے میرے خمیر میں سادگی پڑگئی۔

جس روز میرے جدّ مفتی حبیب اللہ نے میری رسم بسم اللہ ادا کرائی اسی روز میں سب کچھ سیکھ گیا۔ نو سال کی عمر میں والد بزرگوار نے مزید حصول علم کے لئے دہلی طلب کر لیا۔ وہاں میں سلسلۂ ابوالعلائیہ کے ایک بزرگ سیّد جلالؒ کی پہلی ہی نظر میں سب پڑھا پڑھایا بھول گیا۔ سید جلالؒ نے پدر بزرگوار سے فرمایا کہ آپ کا سعادتمند بیٹا اس نوعمری میں قطب کے درجہ پر پہنچ گیا ہے۔ چالیس روز تک مجھ پر جذب حق کی واردات ہوتی رہی۔ تو حضرتِ والد صاحب نے فرمایا کہ علم دین حاصل کرو۔ ان کے ارشاد پر میں نے تعلیم قرآن حاصل کرنا شروع کی۔ اور دوسرے بچوں کی طرح قرآن پاک ختم کر لیا۔ مگر دل فہم قرآن سے غافل نہ تھا۔ پھر پدر بزرگوار سے جو

Marfat.com

میرے استاد بھی تھے عرض کیا کہ آپ مجھے قرآن حفظ کرا رہے ہیں اور میرا دل ہر وقت یاد الہٰی میں لگا رہتا ہے۔ مجھ پر نور حق کی تجلیات ہوتی رہتی ہیں۔ بس بے اختیار ہو جاتا ہوں۔ جس سے مجھے نسیان ہو گیا ہے اور میں دوسرے عالم میں رہنے لگا ہوں۔ حضرت والد صاحب نے ارشاد فرمایا کہ اے بیٹے یہ شیطانی وہم ہے علم قرآن حاصل کرو تاکہ یہ توہمات دور ہو جائیں۔ صحیح راستہ تعلیم دین یعنی علم قرآن ہے۔ اسی سے خدا راضی ہوتا ہے۔" (ایضاً: ۴۲)

اس مثنوی کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ مؤلف کے والد بزرگوار نے ان سے فرمایا کہ وہ مثنوی مولانا رومؒ کی طرز پر ایک مثنوی لکھیں۔ لہذا مؤلف نے اپنے والد ماجد کی فرمائش کو پورا کرنے کے لئے اس کام کا آغاز کیا اور قرآن و حدیث اور بزرگانِ دین کی تعلیمات جو انہوں نے اپنے والد ماجد سے سبقاً پڑھیں تھیں، ان کو اس مثنوی میں سمونے کا عزم کیا۔ ساتھ ہی مثنوی مولانا رومؒ اور فصوص الحکم ابنِ عربیؒ کے اہم مسائل اور مطالب بھی اس میں شامل کر لیے۔ ۱۰۰ شعروں پر مشتمل پہلا جنون منظوم کر کے والد بزرگوار کی خدمت میں پیش کیا جسے انہوں نے بہت پسند کیا۔ لیکن مؤلف کئی برس مزید کچھ کہنے سے قاصر رہے۔ اور پھر توفیق الٰہی سے جب وہ حقیقت حال سے آگاہ ہوئے تو دوبارہ اس مثنوی کو کہنا شروع کر دیا۔ اس مثنوی میں تقریباً پانچ ہزار ابیات ہیں۔ گو مصنف اس مثنوی کو فصوص الحکم ابنِ عربی کی شرح کہتے ہیں۔ لیکن اس کا صرف مرکزی خیال فصوص سے ملتا ہے۔ باقی یہ اس کی اشکال کا ہو بہو حل نہیں ہے "جنون المجانین" میں مشائخ اور اولیا کے واقعات اور تعلیم کو نظم کرتے وقت مؤلف نے "جنون" کا عنوان دیا ہے۔ لیکن انبیائے کرامؑ کے واقعات و اذکار کو نظم کرتے وقت "ادب" کو ملحوظ خاطر رکھا اور "جنون" کی بجائے "ذکر شمہ احوال ..." کا عنوان باندھا۔

یہ مثنوی انتہائی اہم ہے اور خزانۂ صدیقی کا ایک عظیم سرمایہ ہے کیونکہ یہ اپنے وجود کے لحاظ سے نادر ہے اگر یہ چھپ جائے تو عرفان و تصوف اور فکر و خیالات کے کئی نئے گوشے سامنے آئیں گے۔ مثلاً علامہ اقبالؒ کی مثنوی "اسرار خودی" سے سوا دو سو سال پہلے نصرتی کہتے ہیں ؎

ہمچو حیدرؓ از علوم احمدی … باخبر شو از خودی در بے خودی

جناب صدیقی کے بقول علامہ اقبالؒ کے کلام کو اس شعر کی تفسیر کہنا بے جا نہ ہو گا (ایضاً، ۴۸، حاشیہ)
(مؤلف کے احوال کے لئے ملاحظہ فرمائیے۔ مآثر: ۴۸-۴۹ اور جنون المجانین کے لئے مشترک ۳: ۱۷۴۴، نفیسی ۱: ۳۲۲)

Marfat.com

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم؛
الٰہی خدا گویم مناجات ولا	از فصوص و از فتوحات خدا (ص ۱)

اختتام: "لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین تمام شد نسخہ مخزن الجامعین .... ۱۱۸۱ھ (ص ۵۳۸)

* نستعلیق خوش، کاتب شیخ ابوالحسن ولد شیخ امام الدین عرف چھنو شہر اور یا ئین قلعہ رنگ محل میں بروز یوم الاربعہ، ۱۷ ربیع الثانی ۱۱۸۱ھ (عہد شاہ عالم غازی) ۵۳۸ صفحات ۱۳۰، ۱۴، ۱۴ سطریں یہ اس خاندان کے مصنفین کا اس ذخیرہ میں قدیم ترین نسخہ ہے۔

دافع الوبا، (نثر، طب) یہ رسالہ حکیم وکیل احمد سکندر پوری نے شجاع الدولہ مختار الملک نواب تراب علی خان بہادر سالار جنگ کی خدمت میں پیش کیا۔ یہ رسالہ وبائی امراض کے علاج پر مشتمل ہے۔ اور اس کی تاریخ تصنیف شوال ۱۲۹۹ ہجری ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم: حمد مرمانئی را سزد کہ در جسم خاکی روح ہوائی دمیدہ۔ (ص ۱)

اختتام: فقط و کان اختتام ہذا الکتاب فی العشرۃ الثالثۃ من شوال فی السنۃ تسع وتسعون بعد الالف والمائتین من ہجرۃ رسول الثقلین صلوٰۃ رب المشرقین والمغربین (ص ۱۵)۔

* نستعلیق خوش۔ کاتب محمد عاشق علی، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ ۵۲ صفحات، ۱۰ سطریں

رازِ بے خودی: مثنوی رازِ بے خودی (نظم، ادب) سرودۂ خان بہادر ابوسلیمان پیرزادہ ڈپٹی مظفر احمد فضلی (۱۸۵۷، رُہتک ۔ ۱۹۳۰ء مہم) اس کتاب کو برصغیر میں بڑی شہرت حاصل ہوئی۔ جب ۱۹۱۵ میں علامہ اقبالؒ کی کتاب مثنوی اسرار خودی چھپی تو صوفیا کے حلقہ میں ہلچل مچ گئی اس موقع پر پیرزادہ موصوف نقیب الصوفیا کی حیثیت سے میدان میں آگئے، اور انہوں نے اسرارِ خودی کے جواب میں رازِ بیخودی کہی۔ اور اسے میر عثمان علی خان بہادر فتح جنگ آصف جاہ شہریار سلطنت دکن کے نام منسوب کیا۔ یہ مثنوی ۱۳۲۰ھ میں مطبع ہلالی دہلی سے چھپی تھی۔ خزانۂ صدیقی میں اس کا عکس محفوظ ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم؛

Marfat.com

درفیض است منشین از کشاکش ناامید اینجا
برنگ دانه از ہر قفل می روید کلید اینجا (ص ۱)

اختتام: حکیم سر جامہ اندر دعا از ملک آمین اجابت از خدا (ص ۱۱۳)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، تاریخ کتابت چودھویں ہجری ہے۔ ۱۱۶ صفحات ۱۱۷ بیت، نسخہ عکسی

رسالہ اظہار الاخفاء، واجب و ممکن (نثر۔عرفان) اس رسالے کے مؤلف حضرت شاہ غلام جیلانی رہتکی (م ۱۲۳۵ھ) رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ عرفان و تصوف کے لحاظ سے علمی بحث ہے۔ شاہ محمد اسماعیلؒ نے اس رسالہ کو کتابت کیا اور پھر اپنے مرشد شاہ غلام جیلانیؒ کے سامنے اسے پڑھا اور اس تحریر سے پتہ چلتا ہے کہ یہ مؤلف کا ۳۳ واں رسالہ ہے (صفحہ عنوان)

(مؤلف کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے، مآثر: ۷۲-۷۳، و مشترک ۲: ۹۴۰)

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اما بعد میگوید حقیر.... غلام جیلانی عفی عنہ... (ص ۱)

اختتام: مشبہ.... مشبہ بہ بجمیع وجوہا (ص ۲۱)

* نستعلیق خوش، بدست شاہ محمد اسماعیل نہی شہیدؒ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء، تیرہویں صدی ہجری کا کتابت شدہ ہے۔ ۲۲ صفحات

رسالہ در فنا (نثر، عرفان) از شاہ شرف الدین احمد بن یحیٰی منیریؒ (۶۶۱-۷۸۲ھ)
شارح (فارسی) آداب المریدین عبدالقاہر سہروردی قرشی (۴۹۰-۵۶۳ھ) بن محمد بن عمویہ بن سعد (مشترک ۳: ۱۲۱۹) نیز مکتوبات منیری (ایضاً: ۱۱۰۲) ان کی معروف عرفانی یادگاریں ہیں۔ اور رسائل عرفانی (؟) ایضاً: ۱۴۹۷-۱۴۹۸

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ... کہ ہر موجودی بہشت ... (ص ۱)

اختتام: تمت رسالہ حضرت شاہ شرف الدین یحیی منیری قدس سرہ (ص ۴)

* نستعلیق خوش، بدست شاہ محمد رمضان مہیؒ، تیرہویں صدی ہجری کا کتابت شدہ، ۴ صفحات

رسالہ در موسیقی (نظم و نثر، موسیقی) مؤلف کے نام کا علم نہیں ہو سکا، شروع

Marfat.com

اور آخر سے ناقص ہے۔ شاید محمد اسماعیل مہی شہیدؒ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء نے کسی کتاب سے ایک نوٹ لیا ہو۔ فن موسیقی کی مختلف راگنیوں کی شرح اور ان کے اوقات کا ذکر ہے۔

آغاز سویم۔ بھیراج کہ دیپا دتی کہ مرکبست از دیپک و سرسیتی اختراع و ۔۔۔ (ص ۱)

اختتام: نوبت سارنگست بعد دو پاس ساونت وکونڈر رابکن تو قیاس (ص ۴)

* نستعلیق خوش، کاتب محمد اسماعیل مہی شہیدؒ، تیرھویں صدی ہجری، ۴ صفحات (مؤلف کے حالات کے لئے دیکھئے۔ مآثر: ۱۱۸ ۔ ۱۲۰)

رسالۂ عرفانی؟ (نثر عرفان) مؤلف کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔

اس کے مندرجات یوں ہیں: شانِ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین، منقول از کتب بزرگان، مثل حضرت شاہ عبداللطیف فیروزآبادیؒ، رسالہ حضرت راز الٰہی برھانپوریؒ، رسالہ حمید الدین ناگوریؒ، مؤلف یا مرتب نے جا بجا نثر کو شعروں کے ذریعے مؤثر بنایا ہے۔ اور اس میں جامیؒ، دارا شکوہ اور عمر خیام کے اشعار ملتے ہیں۔

رسالہ کے آخر میں شاہ نعمت اللہ ولی کی "ظہور مہدی" کے بارے میں پیشین گوئی بھی نقل کی گئی ہے

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سپاس و ستایش مرآن واجب الوجودی را کہ احدیت را در وحدت معتکف ساختہ و وحدت را در احدیت منزوی خواستہ ۔ (ص۔۱)

اختتام: منقول است کہ سلطنت امام و قوم فی سنۃ ۱۲۰۴ الف و مائتین و اربع من الہجریۃ (ص۶)۔

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، ۱۸ رجب ۱۲۶۱ ہجری، ۶۲ صفحات

رسالۂ قادری (نثر عرفان) اس کے مؤلف حضرت سید محمد غوث قادری لاہوریؒ

(۱۰۸۴ ۔ ۱۱۵۲ھ) بن حضرت سید حسن قادری پشاوری معروف بہ میراں سرکارؒ (۱۶۱۴ء ۔ ۱۷۰۴ء) ہیں۔ ان کی دیگر تالیفات حسب ذیل ہیں:

۱۔ شرح غوثیہ (فارسی) بخاری شریف کے پہلے تین پاروں کی شرح (۲) رسالہ اصول حدیث (عربی)

Marfat.com

۴۔ رسالہ در بیان کسب سلوک و بیان طریقت و حقیقت (فارسی) (۴) رسالہ ذکر جہر (عربی) (۵) ترجمہ قصیدۂ غوثیہ شریف (فارسی) مطبوعہ (۶) اسرار التوحید (عربی)

رسالہ قادری میں آپ نے سلوک اور عرفان کے ان مراتب اور حقائق کو بیان کیا ہے جو انہیں اہل اللہ سے پہنچے تھے۔ رسالے میں "بدانکہ" جیسے چند عنوان ہیں۔

(مؤلف کے حالات و آثار کے لئے ملاحظہ فرمائیے "تذکرہ علماً و مشائخ سرحد" ۱، ۹۱-۷)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ حمد بید وثناء بعید مرذاتی راکہ جمع ذوات وصفات مظاہر تجلیات اوبند..... اما بعد میگوید... محمد غوث بن سید حسن قادری .... (ص ۱)

اختتام: ومعلوم مشہود گردد از علم العین آید و از گوش با ہوش کشد (ص ۲۲)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، بارہویں صدی ہجری کی کتابت معلوم ہوتی ہے، عنوان سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں، ۲۲ صفحات، ۱۳ سطریں

رقعاتِ محمدی (نثر، انشاء) اس کے مؤلف مسیح الزمان زاہدی ہانسوی المخاطب محمدی قادری ہیں۔ وہ کتاب کے دیباچے میں اپنے مرشد حضرت شاہ نجم اللہ المخاطب بحافظ عالم خان؟ (۱۱۱۳ھ-۱۱۸۰ھ) نقشبندی قادری چشتی سہروردی کا ذکر کرتے ہیں۔ اور لکھتے ہیں کہ انہوں نے فرزندوں، شاگردوں اور دوسرے لوگوں کی تعلیم و تربیت کرتے وقت جو مسودات تحریر کئے تھے ان کو "رقعات محمدی" کے نام سے یوں جمع کر دیا ہے:

تمہید در ترغیب علم (ص ۳)، فصل اوّل در رقعات یک مضمون، فصل دوم در مراسلات تہنیت، فصل سوم در سوال وجواب در مضامین معاملات ...، فصل چہارم در مکاتیب تعزیت ... فصل پنجم در مقاوضات محتوی بجمع مطالب وسفارش نامجات و دستکات و قوانین ضروریہ

... فصل پنجم در مقاوضات محتوی بجمع مطالب وسفارش نامجات و دستکات و قوانین ضروریہ"

اس نسخے میں "رقعات محمدی" کے نیچے "انشای محمدی" لکھا ہے۔ یہ انشاء کی کتاب ضرور ہے لیکن ہمیں اس کا یہ نام کسی اور جگہ نہیں ملا۔ اس کتاب کا ایک دوسرا مخطوطہ انجمن ترقی اردو کراچی کی لائبریری

Marfat.com

میں محفوظ ہے۔ (مشترک ۵: ۲۷۶)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ستایش و نیایش منشی سرمدی راسنزد کہ صفحہ خاطر انسان را از انوار الفاظ و معانی منور ساختہ ۔۔۔۔ مخفی نماند کہ خاکپای درویشان مسیح الزمان ۔۔۔ مرشدی علیہ الرحمت شیخ نجم اللہ ۔۔۔۔۔ فراہم آوردہ برقعات محمدی موسوم ساختہ ۔۔۔ (ص ۱۔۳)

اختتام: مسمّٰی شیخ الٰہی بخش ولد شیخ شکراللہ حقی اصیل (ص ۲۰۴)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم۔ بارہویں صدی ہجری کی کتابت معلوم ہوتی ہے۔ ۲۰۴ صفحات، ۱۲ سطریں صفحہ ۲۰۴ پر آیا ہے " این کتاب گھاسی رام است ہر کہ دعوی کند باطل و دروغ باشد۔ فقط "

ریاض الادویہ (نثر۔ طب) یہ حکیم یوسف المعروف یوسفی ھروی بن محمد یوسف (م ۹۵۰ھ) کی تالیف ہے۔ یوسفی بابر (۹۳۲۔ ۹۳۷ھ) اور ہمایوں (۹۳۷۔ ۹۶۳ھ) کا مشہور درباری طبیب تھے جن کی اور بھی فنِ طب میں کئی تالیفات ہیں۔

ریاض الادویہ ایک مقدمہ، دو ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ مقدمہ در بیان مراتب کیفیات ادویہ وغیرآن، باب اوّل در ذکر ادویہ مفردہ بہ ترتیب حروف تہجی۔ باب دوم در ذکر ادویہ مرکبہ بحروف تہجی، خاتمہ در امتحان جودت و ردائت تریاق فاروقی وغیر آن۔ کئی بار طبع ہو چکی ہے اس کے مخطوطات کے لئے ملاحظہ فرمائیے۔ مشترک ۱: ۵۸۸

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وتمم بالخیر۔ الحمد اللہ الذی خلق لکلّ دائہ دوائہ ۔۔۔ اما بعد برضمائر ۔۔۔ محجوب نماند ۔۔۔۔ مسمّٰی بریاض الادویہ ۔۔۔ (ص ۱)

اختتام: ابریشم بکسر الہمزہ ۔۔۔ (ص ۴)

* نستعلیق خوش۔ کاتب نامعلوم۔ تاریخ کتابت تیرہویں صدی ہجری ہے، ۴ صفحات

شجرۂ قادریہ (نثر۔ عرفان) از شاہ محمد اسمٰعیل مہی شہیدِ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء۔ مؤلف نے سلسلۂ قادریہ شاذلیہ کو اپنے تک بیان کیا ہے۔

Marfat.com

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. الحمد للہ رب العالمین.... اما بعد ہذہ.... شجرہ... المبارکہ الکرمتہ الشاذلیہ.
..... قادریہ...... (ص ۱)

اختتام: احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ص ۷)

* نسخ پختہ، کاتب شاہ محمد اسمٰعیلؒ، تیرہویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۸ صفحات، ۷ سطریں

شرائط المریدین (نثر و نظم۔ عرفان)، از شاہ غلام جیلانی رہتکیؒ (م ۱۲۳۵ھ) مؤلفِ اسناد الاشجار۔
پیری اور مریدی کے آداب میں عرفانی طرز پر مختصر مگر جامع مطالب کا بیان ہے جو مؤلف موصوف نے پہلے بزرگوں کی کتب سے اخذ کئے ہیں: ذیلی عنوانات، بدان اسعدک اللہ تعالیٰ فی الدارین، مؤلف نے نزہت السالکین علم اللہ جالندھریؒ، مطلوب الطالبین، اشباہ فی سلاسل الاولیاء شاہ ولی اللہؒ اور کبریت احمر، مکتوبات شاہ نواب سے استفادہ کیا ہے۔
(مؤلف کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیں آثر ۶۷-۳-۷ و مشترک ۳: ۱۵۷۸)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. الحمد للہ.... اما بعد میگوید.... غلام جیلانی عفی عنہ.... (ص ۱)

اختتام: یا ارحم الراحمین. تمت..... شرائط المریدین..... (ص ۲۳)

* نستعلیق خوش، از دستخط شیخ کرم علی ولد شیخ عظیم اللہ متولی ساکن دار الشرفا قلعہ رہتک، بروز مبارک دوشنبہ سنہ ۱۲۳۴ھ ..... مطابق سنہ سیزدہ (۱۳) محمد اکبر شاہ بادشاہ، حسب الفرمائش حق آگاہ میاں محمد اسمٰعیل شاہ سلمہم اللہ تعالیٰ، ۲۴ صفحات

* نستعلیق، کاتب نامعلوم، تیرہویں صدی ہجری کی کتابت معلوم ہوتی ہے، کرم خوردہ، ۱۸ صفحات، ۶ سطریں

طریق الہدیٰ (نثر۔ عرفان)، مؤلفہ شاہ غلام جیلانی رہتکیؒ (م ۱۲۳۵ھ) مؤلف اسناد الاشجار۔
توحید، رسالت، آخرت، اعمال، تقویٰ، اتباع شریعت، مسائل بیعت اور تہذیبِ اخلاق کے بیان میں بطرزِ عرفانی، تین فصلوں پر مشتمل ہے۔ فصل اول. آنچہ بفہم تعلق دارد.... (توحید کامل، رسالت و آخرت)، فصل دوم، آنچہ بہ اصول تعلق دارد در بیان اعمال، اجتناب از گناہان کبیرہ و صغیرہ و شرک.... فصل سوم آنچہ تعلق بہ حال دارد.... (تقویٰ تلاش وسیلہ، بیعت و اتباع شیخ.... قلب سلیم)
(مؤلف کے حالات کے لئے دیکھئے، آثر: ۶۷-۳-۷ و مشترک ۳: ۱۶۸۵)

Marfat.com

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم. الحمد للہ الذی وفق لعبدہ طریق المستقیم والصلوٰۃ . . . . اما بعد . . . غلام جیلانی میگوید چون طالب صادق را طلب آخرت . . . . نام این رسالہ طریق الہدیٰ نہادہ شد (ص ۱)

اختتام: ذکر مک والسلام علی من اتبع الہدیٰ . تمت تمام شد (ص ۲۲)

* شکستہ، بدست شاہ محمد اسماعیل بھی شہید، تیرہویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۴۴ صفحات، ۱۳، سطریں

فوز النجات (نثر۔ عرفان) اس کتاب کے مؤلف حضرت شیخ محمد افضل الہ آبادی قدس سرہ العزیز (متوفی ۱۱۲۴ ہجری) ہیں جو حضرت سید محمد کالپوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۷۱ ہجری) کے خلیفہ مجاز اور حضرت شاہ خوب اللہ الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ کے پیر و مرشد تھے۔ اس کتاب میں انہوں نے فتوحات مکیہ، فصوص الحکم کے مسائل اور مشکل الفاظ جن کی ضرورت تھی، کی شرح لکھی ہے اور دراصل اس کتاب میں انہوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ حضرت باری تعالیٰ بذات خود موجود ہے نہ کہ موجودات کے دیگر وجود سے۔ اور اس اثبات میں انہوں نے مختلف عرفا کے اقوال اور آراء کو جمع کیا ہے بالخصوص شیخ مودود، صدرالدین قونویؒ، شیخ امانؒ اور ابن عربیؒ کے خیالات زیادہ ملتے ہیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے اس کتاب میں اپنے پیر و مرشد حضرت سید محمد کالپوی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات بھی مختصر طور پر بیان کئے ہیں۔ کتاب کا دیباچہ اور خاتمہ فارسی میں ہے۔ اور متن زیادہ تر عربی زبان میں ہے۔ وہ خود ہی کہتے ہیں کہ انہوں نے دس برس بعد اس میں اضافہ بھی کیا ہے۔

(نیز دیکھیے مشترک ۳ : ۱۷۷۱)

آغاز: (دیباچہ ناقص): الاخیار مذکور است و قدری از آن درین اوراق نیز نقل خواہد آمد . . . . (عربی) بسم اللہ الرحمن الرحیم؛ الحمد للہ الذی لا یمکن الوصول الی الحق بدون عنایتہ . . . . اما بعد فیقول اضعف عباد اللہ الہادی الفقیر الحقیر محمد افضل الالہ آبادی . . . . (ص ۱ - ۲)

اختتام: در عقیدہ ثالثہ چیزی مخالف عقیدۂ ثانیہ بذکر آوردن نمی شاید و باللہ التوفیق (ص ۱۴۳)

* نستعلیق خوش، بخط محمد اسماعیلؒ، بتاریخ شہر محرم الحرام ۱۲۲۴ھ، بروز یکشنبہ، بمقام رہتک در دکان مبارک جناب حضرت محبوب سبحانی مقبول ربانی مرشدنا حضرت شاہ غلام جیلانی مدظلہ العالی (ص ۱۴۳ نسخہ)، ۱۴۴ صفحات، کاغذ نازک کشمیری۔ پہلے صفحے پر ایک مہر ہے جو یوں پڑھی جاتی ہے: پیر مظفر احمد قریشی بھی ۱۳۲۷۔ مہر کتب خانہ خانصاحب۔

کرامات شاہ لطیف بریؒ؛ نسخہ صحیح (نثر۔ عرفان) یہ نسخہ غلام حسین شاہ بخاری (متوفی ۱۸۹۴ء) کی تالیف سمجھا گیا ہے۔ اس میں شاہ عبداللطیف بریؒ (م ۱۱۱۷ھ/۶-۱۷۰۵ء) کی سات کرامتیں مذکور ہیں۔ صدیقی صاحب

Marfat.com

نے جب کتاب" شاہ لطیف بریؒ" تالیف کی تو اسے اسل نسخے سے نقل کیا۔ اصل نسخہ صابر حسین شاہ ساکن موضع ساگری ضلع راولپنڈی کے پاس محفوظ تھا۔

دیباچے میں شاہ عبداللطیف بریؒ کے مختصر حالات اور اس کے بعد سات کرامتیں مذکور ہیں۔

(تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: شاہ لطیف بریؒ: ۱۴۵)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید العرب والعجم وعلی آلہ وصحبہ واہلبیتہ واہل الفضل الکرم اجمعین اما بعد میگوید.... سید غلام حسین شاہ......

* نستعلیق خوش۔ کاتب منظور الحق صدیقی، ۱۹۶۷ء، ساگری ضلع راولپنڈی، ۲۶۰ صفحات

متن کنز الآثار (نثر، تاریخ) یہ خاندان صدیقی کے گذشتہ چار صدیوں کے آثار میں سے چار سو ایک آثار کا خطِ نستعلیق میں متن ہے جس کی فہرست کا علیحدہ تعارف کرایا گیا ہے یہ متن بیشتر ڈاکٹر ضیاء الحق صدیقی (متولد ۱۹۱۶ء) کی سعی سے تیار ہوا ہے۔

آغاز: اثر ا، بیعنامہ...... (ص ۱)

اختتام: ...... میران شاہ بن امیر تیمور (ص ۴۸۸)

* نستعلیق خوش۔ محمد ضیاء الحق صدیقی، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے ۴۸۸ صفحات

مثنوی گلِ مشکبو: گلِ مشکبو (نظم، ادب) شاعر کے نام کا علم نہیں ہو سکا۔ مثنوی کا موضوع عرفان و تصوف ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم،

ای برتر از آن ھمہ۔ کہ گفتند   آنہا کہ پدید یا نہفتند (ص ۱)

اختتام: (ناقص): شاہنشہ دار ملک دنیست   بر گنج عطای حق اینست

در دست عنان اختیارش   او فارغ عالی نثارش (ص ۸۸)

* نستعلیقِ خوش، کاتب نامعلوم، خط بارہویں صدی ہجری کے آخر یا تیرہویں صدی ہجری کے شروع کا معلوم ہوتا ہے، کرم خوردہ ہے،

Marfat.com

پہلے صفحہ پر دو مہریں ہیں: ۱۔ "جلال الدولہ مہدی علی خان بہادر شجاعت جنگ ۱۲۱۳" اس کے نیچے لکھا ہے: "حوالہ لالہ نند رام کردہ شد ۲۵ جمادی الاوّل ۱۲۳۹ھ" ۲۔ "محمد یعقوب ۱۲۰۶ھ" عنوان لکھے نہیں گئے لیکن جگہ خالی چھوڑ دی گئی ہے۔ ۸۰ صفحات

معرفۃ السلوک (نثر، عرفان) تصنیف حضرت شیخ محمود حسینی المعروف خوش دہان رحمۃ اللہ علیہ خلیفہ حضرت شاہ برہان الدین جانمؒ (متوفی ۹۹۰ھ) ابن حضرت شاہ میران جی شمس العشاقؒ (متوفی ۹۰۲ھ)
حضرت شیخ محمودؒ نے اس کتاب میں "وجودات اربعہ" کی وہ شرح لکھی ہے جو انہوں نے اپنے مرشد سے سنی تھی (ص ۶، نسخہ) علاوہ ازیں حدیث "من عرف نفسہ فقد عرف ربہ" کی تفسیر بھی بیان کی گئی ہے۔ انہوں نے کتاب میں ضمنی طور پر اپنے مرشد اور حضرت شاہ میران رحمۃ اللہ علیہما کے حالات اور ملفوظات بھی لکھے ہیں۔
خزانۂ صدیقی کے علاوہ اس کتاب کے دیگر نسخے، انجمن ترقی اُردو کراچی (۱) اور موزہ سالار (ہندوستان) ۸ : ۱۸۵ش ۳۳۳۳ اور ۸ : ۲۹۴ ش ۳۴۳۴ (۲) بھی موجود ہیں
(ملاحظہ فرمائیے، مشترک ۳ : ۱۹۵۴ء)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ حمد بی غایت وشکر بی نہایت مر واجب الودی راکہ ممکن الوجودی را در دائرہ ممتنع الوجود پیدا کردہ.... امّا بعد چنین گوید کمترین مریدان وکمترین طالبان .... شیخ محمود چشتی .... (ص ۱)

اختتام: تعلق تن نورانی ست واین روح لایق مشاہدہ ذات حق تعالی است۔ تمام شد.... (ص ۲۷)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، تاریخ کتابت: شہر جمادی الثانی روز سہ شنبہ ۱۲۳۳ھ، ۴۲ صفحات، ۱۳ سطریں، کاغذ نازک کشمیری

معیار الانساب (نثر، تاریخ) مرتبہ شیخ امداد الحق (متوفی ۱۲۲۲ھ/ ۱۹۰۱ء)
آل قاضی قوام الدین کے نسب ناموں میں سے قدیم ترین نسب نامہ جو خزانۂ صدیقی میں محفوظ ہے۔ اس میں ایک دیباچہ اور پندرہ خانے ہیں۔
(مرتب کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے، مآثر: ۴۶۳)

آغاز: صفحۂ اوّل دریدہ بریدہ، غلام محمد، جمال بخت محمد عرف منگا... (ص ۱)

اختتام: غرہ جمادی الثانی ۶۲۸ ہجری، دمشق (ص ۱۰۴)

* نستعلیق خوش، کاتب مرتب، تیرھویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ ۱۰۴ صفحات

Marfat.com

مصباح السالکین (نثر، عرفان) یہ کتاب حضرت سید محمد عبدالعظیم گیلانی لاہوری ثم پانی پتیؒ (متوفی ۱۲۲۷ھ/۱۸۱۲ء) بن محمد حفیظ گیلانی لاہوری کی تالیف لطیف ہے۔ اس میں صوفیا کے احوال و اقوال جمع کئے گئے ہیں۔ (بالخصوص مؤلف کے پیر و مرشد ...... اور حضرت ذوالنون مصریؒ، حضرت ابوالحسن خرقانیؒ، حضرت ابراہیم ادھمؒ، خواجہ عبداللہ انصاریؒ اور حضرت خواجہ فرید شکر گنجؒ کے سخنان و حالات) کتاب کے دوسرے حصے کے شروع میں انہوں نے اپنے پیر و مرشد سید حافظ حفیظ اللہ کھتوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۸۸ ہجری) کے حالات تحریر کئے ہیں۔ (فصل اول، ۲۵۱، نسخہ) اسی حصے کی دوسری فصل میں مشائخ چشتیہ ... اور خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ رحمۃ اللہ علیہ کے حالات مذکور ہیں۔

کتاب نو ابواب پر مشتمل ہے۔ ہر باب میں چند فصلیں ہیں۔ **باب اول**، دربیان سالکان (۴ فصلیں، فصل اول دربیان سالکان)، **باب دوم**، دربیان توحید و اسلام و احکام (۲ فصلیں، فصل اول دربیان توحید) **باب سوم**، دربیان طہارت و صلوٰۃ و صوم و حج و زکوٰۃ و کلمہ (۶ فصلیں، فصل اول دربیان طہارت) **باب چہارم**، دربیان فقر و توبہ و توکل و تسلیم (۴ فصلیں، فصل اول دربیان تسلیم) **باب پنجم**، دربیان بیعت و ارادت و خرقہ و ارشاد و آداب مقراض و آنچہ بر شیخ لازم است و آنچہ بر مرید واجب است (۴ فصلیں، فصل اول دربیان بیعت و ارادت) **باب ششم**، دربیان عقل و علم و شریعت و طریقت و حقیقت و تجلیات (۵ فصلیں) **باب ہفتم**، دربیان سماع **باب ہشتم** دربیان عشق (۳ فصلیں) **باب نہم**، دربیان نکتہاء غریبہ و سخنہاء عجیب (ص ۷-۸، نسخہ)
(مشترک ۳: ۱۹۲۷)

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ حق حق حق ... سپاس بی پایان و ستائش فراوان مر خالقی را کہ ہر موجودات را از پردہ نابودگی بہ بود آوردہ و ...... امابعد ...... میگوید ..... سید محمد عظیم .... (ص ۵)

اختتام: حضرت فرمودند کہ حق تعالیٰ گنج شکر عنایت کرد چندان کہ خواستم از آن روز گنج شکر مشہور گشت (ص ۳۲۶)

* نستعلیق، بخط مؤلفؒ، گویا بارھویں صدی ہجری کے آخر یا تیرھویں صدی ہجری کے شروع میں کتابت ہوئی ہے، ۳۲۶ صفحات، ۱۷ سطریں، بڑا سائز، عنوان سرخ سیاہی سے لکھے گئے ہیں۔

ملاک الاعتقاد و نجاۃ العباد (نثر، عرفان)

ملاک الاعتقاد حضرت محمد یحییٰ رحمۃ اللہ علیہ معروف بہ شاہ خوب اللہ الہ آبادیؒ (المتوفی ۱۱ ذی الحجہ ۱۱۴۴ ہجری)

Marfat.com

کی تالیفِ لطیف ہے۔ آپ مشہور صوفی اور بزرگ حضرت شاہ اوحد بدر الدین چشتی قادری رُبنکی ثم لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۲۶ شوال ۱۲۰۵ھ / ۲۵ مئی ۱۷۹۱ء لکھنؤ) کے پیر و مرشد ہیں۔ شاہ خوب اللہؒ حضرت شیخ محمد افضل الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۱۲۴ ہجری) کے مرید تھے جو سید محمد کالپوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی ۱۰۷۱ ہجری) کے خلیفہ مجاز تھے۔

حضرت شاہ خوب اللہؒ نے ملاک الاعتقاد کے دیباچے میں جو کچھ تحریر فرمایا ہے اس کا مفہوم یہ ہے کہ آپ اپنے والد گرامی کے انتقال پُرملال کے ایک برس بعد بروز جمعرات ۲۸ شوال ۱۰۹۱ھ کو شیخ محمد افضل الہ آبادیؒ کی خدمت اقدس میں حاصل ہوئے۔ اور ان سے متداول عربی کتابیں، کافیہ سے تفسیر بیضاوی تک پڑھیں (ص ۲-۳، نسخہ) ۱۰۹۳ھ میں ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور پھر اس بیعتِ ارادت کے ۳۲ سال بعد (جب ان کے مرشد کے وصال کو ۱۲ برس گذر چکے تھے) ایک رات انہوں نے خواب دیکھا جس کی روئیداد کو اس کتاب کی صورت میں لکھ ڈالا (ص ۶-۷، نسخہ)

ملاک الاعتقاد ایک **مقدمہ**، **مقصد** اور **خاتمہ** پر مشتمل ہے جن کی مختصر صورت یہ ہے:

مقدّمہ، اس خط اور عنایت نامے، اور جو کچھ اس سے متعلق ہے، کے مضمون کا بیان . . .

مقصد، اس خواب نما عریضے کی نقل . . .

خاتمہ، ان اوراق میں جن بزرگوں کے اسمائے گرامی مذکور ہیں ان کا مختصر بیان . . . .

کتاب کا "**مقصد**" **دو فصلوں** پر مشتمل ہے۔ **فصل اوّل**، حضرت شیخ پیر محمد افضلؒ کے فرزندان گرامی کے حالات، **فصل دوم** ان کے دوسرے عزیز و اقارب، حضرت شیخؒ اور ان کے جملہ صاحبزادگان کے منظورِ نظر رہنے والے حضرات کا ذکر . . . . یہ کتاب کا انتہائی اہم اور مرکزی حصّہ ہے۔

ملاک الاعتقاد میں ضمنی طور پر **نقشبندیہ**، سہروردیہ، قادریہ اور چشتیہ سلاسل کے مختلف بزرگوں کے مختصر حالات بھی آ گئے ہیں۔

یہ کتاب شاہ خوب اللہؒ کے سلسلے کی ایک انتہائی اہم سند اور اپنے وجود کے اعتبار سے دُرِ یکتا ہے کیونکہ کُتب فہارس میں اس کے کسی دوسرے نسخے کا کھوج نہیں ملتا۔ نیز یہ نسخہ طباعت کے لئے نہایت موزوں اور مناسب ہے۔ حادثاتِ روزگار کے سبب یا کسی ناسمجھی کی بنا پر کتاب دو حصّوں میں جلد ہوگئی ہے۔ پہلا حصہ ۸۰ اور دوسرا ۲۶۶ صفحات پر مشتمل ہے۔ خزانۂ صدیقی کا یہ گرانقدر جواہر پارہ ہے

(مؤلف کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے، مآثر: ۵۳، ۶۰، نیز کتاب کے بارے میں دیکھئے، مشترک ۳: ۲۰۲۲)

آغاز: (حصّۂ اوّل) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الحمد للہ الذی اشرق قلوب العارفین بالزار معرفتہ واشرف اسرارہم علی

Marfat.com

حقائق حکمت وجعلهم ہداۃ طریق الحق .... اما بعد میگوید .... محمد یحییٰ الشہیر بین الصغیر والکبیر بخوب اللہ .... (ص ۱)

اختتام : استفسار از سبب ذکر موئی آن حضرت بود بیانش آنست کہ مرتبہ .... (ص ۸۰)

آغاز : (حصۂ دوم) ، نباشد بلکہ آن افراد بمراتب از وشہر باشند کہ زخم خوردہ او نشدہ اند لغوذ باللہ ... (ص ۱)

اختتام : این حال شبیہ است بحال شیخ الموحدین محمد بن محمد ابن رلزالی قدس سرہ (ص ۲۶۶)۔

* نستعلیق شکستہ مایل ، بخطِ مؤلف ، گیارھویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ حصۂ اوّل ، ۸۰ صفحات ، ۱۵ سطریں

* ایضاً ، ۲۶۶ صفوات ، ۱۵ سطریں

مناہج الطالبین ومسالک الصادقین (نثر عرفان) مؤلفہ محمود بن نوراللہ اصفہانیؒ

نشریہ (۲ : ۲۶۵) میں مؤلف کا نام یوں آیا ہے : نجم الدین محمود ، پسر سعداللہ پسر محمود اصفہانی ، کتاب ایک مقدمہ اور دس الواب پر مشتمل ہے :

باب اوّل ، در اعتقاد صحیح ، باب دوم در ظاہر تقوی ، ۳۔ باطن ، تقوی ، اخلاق و آداب ، ۴۔ تنبیہ و تجدید ، ۵۔ آداب صحبت با مردم ، ۶۔ شرائط ذکر ، ۷۔ معرفت و مشیخت و علامت آن ہا ، ۸۔ اثبات رویت و مشاہدہ بہ قلب ، ۹۔ ہدایت وضلالت و امر بہ معروف و نہی عن المنکر ، ۱۰۔ علم وعمل۔

اس کے ایک اور نسخہ کا تعارف نشریہ (۱۰ : ۲۶۵) میں ہے جس کی نشاندہی لیڈن یونیورسٹی کی لائبریری میں کی گئی ہے۔ استاد احمد منزوی نے نسخہ ہا (۲ : ۱۴۲۵) میں ایک نسخہ کا ذکر کیا ہے جو آخر رمضان المبارک ۲۸ ۷ کا کتابت شدہ ہے اور قونیہ (ترکی) کی ایک لائبریری میں محفوظ ہے۔

محقق محترم نجیب مایل ہروی کی تصحیح اور کوشش سے یہ نسخہ حال ہی میں ایران میں شائع ہو گیا ہے۔ جس کے آخر میں نسخۂ صدیقی سے مخطوطہ قونیہ کے اختلافات اور جو عبارت اس میں نہیں تھی اس کا اضافہ با ہمکاری جناب سید عارف نوشاہی کر دیا گیا ہے۔

(تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمایئے ، نسخہ ہا ۲ : ۱۴۲۵ ، مشترک ۳ : ۲۰۴۲ ، نشریہ ۱۰ : ۲۶۵)

آغاز : بسم اللہ الرحمن الرحیم ، الحمد للہ رب العالمین۔ حمداً یوافی نعمتہ ویکافی مزیدہ .... (ص ۱)

اختتام : تمت کتابتہ .... عبد اللہ .... پیر علی بن ابو الفتح خلجی .... یا ارحم الراحمین (ص ۲۸۷)

* نستعلیق پختہ ، گیارھویں / بارھویں صدی ہجری کی کتابت ہے ، کاتب اوّل : پیر علی بن ابو الفتح خلجی ، فی اواسط شہر ذیقعد ، ۸۰۵ ہجری ، کاغذ

Marfat.com

سمرقندی، سفید و نیلا و سُرخ رنگ کا، عنوان سُرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں۔ کرم خوردہ ہے، جلد مضبوط، سیاہ رنگ کی، ۲۸۰ صفحات، کتاب پر مختلف مہریں ہیں۔ جو پڑھی نہیں جا سکیں

نسب نامہ سادات مشہدی (نظم، تاریخ)

سرودۂ سیّد محمد شاہ مولوی ملقّب بمشہدی، متخلص محمد، ساکن سیّد کسران، تحصیل گوجر خان، ضلع راولپنڈی۔

اس رسالے میں شاعر نے حضرت زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر خود تک اپنا نسب نامہ منظوم کیا ہے۔ دراصل یہ سادات مشہدی کا جزوی نسب نامہ ہے۔ جس میں حضرت شاہ عبداللطیف برّیؒ (متوفی ۱۱۱۷ھ) کا نام بھی آتا ہے۔ کل ۲۴۳۰ شعر ہیں ؎

شمردم ہمہ بیت کردم شمار	سیم چار صد شعر ہم دو ہزار!

(تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمایئے: شاہ لطیف برّیؒ: ۱۳۱)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم؛

بنام جہان آفرین صد سپاس	کہ انسان را داد عقل و قیاس	(ص ۱)

اختتام: چون بوی گل نہان بدارند . . . . شد (ص ۱۷۹)

* نستعلیق خوش، کاتب سیّد شاہ ولد مرید حیدر شاہ۔ ساکن موضع سیّد خاص (۱۱ شعبان ۱۲۹۸ھ / ۲۷ مارچ ۱۹۳۸ ہجری) کی کتابت ہے، ۱۸۰ صفحات، یہ اصل نسخے کا عکس ہے۔

نقل کرسی نامہ آل قاضی قوام الدینؒ (نثر۔ تاریخ)

مرتبہ مفتی شیخ امان اللہؒ (زندہ ۱۰۴۳ھ) جدّ بزرگوار مفتی حبیب اللہؒ مؤلف "اوراد حبیبیہ" اس میں انہوں نے آل قاضی قوام الدینؒ کا سلسلۂ نسب سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لے کر اپنے تک تحریر کیا ہے۔ شخصیات کے مختصر حالات، تاریخ ولادت، عمر، اولاد اور وفات لکھنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔ یہ نقل مرتب کی اصل تحریر سے لی گئی ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ راویان اخبار و ناقلان حاکیان اسرار چنان نقل از کتب ہای منقول فروع و اصول نمودہ . . . . (ص ۱)

Marfat.com

اختتام : از نقل نوشتۂ شیخ امان اللہ مرحوم مفتی نقل کردہ شد۔ تمت ہذا الکتاب بعون الملک العزیز العلام ۱۸ ر رجب ۱۲۶۱ھ (ص ۱۰)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، تاریخ کتابت ۱۸ ر رجب ۱۲۶۱ھ، ۱۰ صفحات

وحدت وجود و وحدت شہود : رسالہ (نشر عرفان) از سید محمد غوث قادری رحمۃ اللہ علیہ مؤلف رسالہ قادری۔

وحدت الوجود اور وحدت الشہود کے بارے میں مختلف نظریات کی بحث کی ہے مولانا محمد امیر شاہ قادری پشاوری صاحب نے علماء و مشائخ سرحد میں شاہ محمد غوثؒ کی تالیفات میں اس رسالے کا ذکر نہیں کیا۔

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، حمد بیحد وثناء بیعد ذاتی را کہ ہرچہ در خارج یا در ذہن است از ذوات و صفات بہ بر ذوات و صفات اوست وجز او ہیچ شئ وجود ندارد . . . . ولبعض مسائل کہ بر احقر عباد اللہ . . . محمد غوث قادری را کہ از صحبت اہل اللہ معلوم ومشہود گشتہ میخواہد کہ شمہ ازاں دربیان آرد . . . . (ص ۱)

اختتام : (ناقص) : چون سالک میگذرد از عالم ملکوت و متوجہ میشود بعالم جبروت باید خودرا . . . . (ص ۱۵)

مشترک ۳ : ۲۱۰۶ نیز اسی جلد کے صفحات : ۱۲۵۵، ۹۹۴، ۱۴۴، ۱۶۱۷، ۱۷۲۲، پر ان کے دیگر آثار کے مخطوطات کا تعارف مذکور ہے۔

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، بارھویں صدی ہجری کی کتابت معلوم ہوتی ہے، ۱۶ ر صفحات، ۱۳ سطریں

ہدایۃ الطالبین (نشر عرفان) تالیف شاہ ابوسعید کاپوی بن فضل اللہ احمد المحمد الحسینیؒ۔ بفرمائش فرزند ارجمند نور چشم سعادت مند سید احمد سعید، درفضیلت وطلب علم (دیباچہ)۔

یہ کتاب ۵ مقاصد پر مشتمل ہے۔ مقصد اوّل دربیان اذکار جہر سلسلۂ چشتیہ وقادریہ وشطاریہ دوم دربیان اشغال خفی وحبس دم ومراقبات آن، سوم دربیان اشغال طریقۂ نقشبندیہ، چہارم دربیان صلوٰۃ تہجد و اشراق وچاشت وجز آن ہا، پنجم دربیان اوراد واعمال ضروریہ وشجرہ ہائے سلاسل خمسہ۔

(مشترک ۳ : ۲۱۲۲، وہاں پنجاب یونیورسٹی کے گنجینۂ شیرانی کے ایک اور نسخے کا تعارف بھی موجود ہے)

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحمد للہ الذی جعلنا من زمرۃ الطالبین لارباب المحبۃ المجذوبۃ والمشتاقین... امابعد میگوید العبد الضعیف ابوسعید بن فضل اللہ . . . . (ص ۱)

Marfat.com

اختتام: تمت الکتاب ہدایۃ الطالبین۔ بروز شنبہ۔۔۔۔ (ص ۷۵)

* نستعلیق خوش، کاتب محمد اسماعیل شہید مہمیؒ، بروز شنبہ، وقت ظہر ماہ جمادی الثانی ۱۲۲۴ھ، موجب امر شریف حضرت شاہ غلام جیلانی رُہتکی۔ در قصبہ مہم، ۷۶ صفحات

اُردو مخطوطات

آخرت نامہ (نظم، ادب) یہ رسالہ شاہ محمد رمضان مہمی بادی ہریانہؒ (شہید ۱۲۴۰ھ) کا سرودہ ہے۔

محمد و رمضان دونوں میں ہزار اور یک صد ترای بنیں

مختلف قسم کے عنوانات: نعت (ص ۴) در نصیحت یادِ موت (ص ۸) دربیان جان کندن (۹)۔۔۔ جان کندن مومن۔ ۔۔۔ منافق و کافر (۱۶)۔۔۔۔ قبر (۲)۔۔۔۔ احوال قبر مومن (۲۴) سوال و جواب منافق و کافر (۲۵)۔۔۔۔ مناجات (۲۳۷)

شاعر نے اپنے موضوع کو آیات قرآن اور احادیث پاک سے مدلّل بنایا ہے۔

(شاعر کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمایئے بادی ہریانہ و آثر: ۹۴: ۱۱۷)

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم؛

پہل حمد ہے پاک سبحان کی بنائی ہے جن صورت انسان کی (ص ۱)

اختتام: محمد محمد علیہ السلام علیک الصلوٰۃ ہمیشہ مدام (ص ۲۳۹)

* نستعلیق خوش، کاتب کا نام اور تاریخ کتابت درج نہیں ہے۔ تیرھویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ شروع میں دستخط فضل رسول خاں صاحب ستہ ۱۲۸۰ھ، ۲۴۰ صفحات، ۱۱ بیت

احوال قریشی بیگم (مثنوی، تاریخ و ادب) از انصار الحق بن عیاذ الحق (م ۳ ربیع الاوّل ۱۲۹۸ھ) بن حکیم فیاض الحق ستمبر ۱۹۱۹ء میں تالیف کی ہے؛

انصار الحق اس مصنف کا نام ہے مدت سے رُہتک میں جس کا قیام
بماہ ستمبر لکھی مثنوی سن انیسو انیس میں عیسوی!

(ص ۱۶)

Marfat.com

اپنی بھانجی قریشی بیگم (۱۸۸۶ - ۱۹۶۱ء) بنت انیس الدین (۱۸۶۵ - ۱۹۴۲ء) کی ستائش و تعریف میں جو بڑی دیندار خاتون تھیں علم و فضل میں بھی خاصا مقام رکھتی تھیں۔ ان کے شوہر منہاج الحق (۱۸۸۱ - ۱۹۴۳ء) تھے اور صاحبزادے ڈاکٹر ضیاء الحق عرف پیارے میاں (متولد ۱۹۱۶ء) ہیں۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم؛

لکھوں پہلے میں حمد پروردگار کئے جس نے پیدا ہیں لیل ونہار (ص ۱)۔

اختتام: سن انسو انیس ہیں عیسوی (ص ۱۶)

* نستعلیق خوش، کاتب شاعر، ستمبر ۱۹۱۹ء، ۱۶ صفحات، ۱۶ بیت

انسان اور اس کی فلاسفی (نثر، فلسفہ وسائنس)

مؤلفہ پیرزادہ ابراہیم حنیف (۱۸۹۱ء، ہم - ۱۹۶۰ء، سیالکوٹ) ابن پیرزادہ عبدالمجید ساکن مہم ضلع رہتک۔ پیرزادہ صاحب موصوف کی ۵۰ کے قریب مطبوعہ کتابیں، اتنی ہی غیر مطبوعہ تالیفات، اور مشاہیر معاصرین کے ان کے نام سینکڑوں خطوط خزانۂ صدیقی میں محفوظ ہیں۔

پیرزادہ صاحب نے "انسان اور اس کی فلاسفی" کو ۱۹۱۰ء - ۱۹۲۷ء تک تالیف کیا اور ۵ اکتوبر ۱۹۵۱ء کو اس کی پڑتال کی اور اس پر ایک دیباچہ لکھا۔ کتاب کے اندر مندرجہ ذیل عنوانات آئے ہیں:

دیباچہ، تاریخ زبان فارسی، قاموس العلوم، علم کی متعدد شاخوں پر سیر حاصل واقفیت، قدیم و جدید نظریات، فلسفہ قدیم و جدید، علم النفس، فلسفۂ ارتقا، ہنر و فلسفہ، تشریح علم الابدان، کیمیا، طبیعات، مصوری، نقاشی، ہیئت، ریاضی، تقویم، موسیقی، رسم الخط، فصاحت و بلاغت، علم الصرف، علم بیان، عروض، فن معمہ، جمل، رمل، نجوم، رجال الغیب، تفاول، علم الرؤیا، جوتش، شگون، جنون، منطق، مسمریزم، علم الاخلاق، جغرافیا، خوراک، خاندان، معاشرہ، فلسفہ، جذبات، فلسفۂ عشق، شہوت، جبر و قدر، علم اصنام پرستی اور مذہب وغیرہ

(مؤلف کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمایئے، ماثر: ۱۵۳ - ۱۷۴)

آغاز: دیباچہ، نذر یادگاری، میں نے آج مؤرخہ ۵ اکتوبر ۱۹۵۱ء کو بسلسلہ نظر اس کتاب کی پڑتال کی . . . (ص ۱) مقدمہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، فلسفہ اور اس کی تعریف (۱) لغوی حیثیت . . . .

اختتام: . . . ترچاپلی سرنگاپٹم (ص ۵۰۰)

* نستعلیق خوش، بخط مؤلف، ۱۹۲۷ء ۱۹۵۱ء (دیباچہ)، ۵۰۰ صفحات، بڑا سائز

Marfat.com

بیاض شاہ محمد یحییٰ (نثر ـ عرفان) مرتبہ و مرقومہ پیر مولوی محمد یحییٰ ۔ افضلی (۱۲۴۱ھ ۔ ۱۳۲۱ھ)

بن شاہ محمد اسماعیل مہی شہیدؒ جنگ آزادی ۱۸۵۷ء

ان عنوانات سے : شجرہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ، سہروردیہ، مداریہ، چشتیہ قادریہ، مرید کرنے کا طریقہ، خرقہ ختم قادریہ

ختم کبیر، اوسط، صغیر، اصغر طریقہ ختم سہروردیہ

اس کے بعد شاید کسی اور کے ہاتھ کی یہ تحریریں ہیں۔

اجازت نامہ شاہ محمد اسماعیل شہید مہیؒ بحق سراج الدین ساکن چک بیری، ۷ ر شوال ۱۲۷۰ھ۔ ٹونک اذکار حلّیہ،

تعویذات، دوسری یادداشتیں . . .

(مرتب کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے، (مآثر ۱۲۲، ۱۴۴)

آغاز : شجرہ نقشبندیہ ابوالعلائیہ فقیر محمد یحییٰ حافظ قرآن سراج الدین . . . . (ص ۱)

اختتام : اللہ تعالیٰ خوش و خرم رکھیں، آمین . . . . . (ص ۱۸)

* نستعلیق خوش، کاتب شاہ محمد یحییٰ، دوسرے کاتب کا نام معلوم نہیں ہوا، تیرھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۱۸ صفحات

بیاض محبوب عالم (نظم، ادب) مرتبہ و مرقومہ محبوب عالم (۱۸۹۱ء - ۱۹۸۳ء) بن مولوی عین الدین

صدیقی (متوفی ۱۸۹۵ء) محبوب عالم نے اس بیاض کو ۱۹۰۶ء میں مکمل کیا اور ۲ ربیع الاول ۱۳۳۵ھ (۱۹۱۵ء) ہیں یہ کسی

صاحب کو ملی جن کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ بیاض کے اندر مرتب کی مختلف تحریریں اور پسندیدہ الفاظ کا ذخیرہ ہے۔ اکثر

اشعار اردو ہیں۔ ضمنی طور پر بعض جگہ جعفری بیگم (متوفی ۱۹۳۱ء) زوجہ عین الدین صدیقی، زہرہ بیگم (متوفی ۱۹۴۴ء)

زوجہ انیس الدین بن عین الدین، ذاکری بیگم (م ۱۹۵۷ء) دختر منظور الدین اور دیگر لوگوں کے دستخط اور تحریریں بھی

موجود ہیں۔

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، حکایت لیلیٰ کا پاس قبر مجنوں کے جانا اور جواب دینا مجنوں کا لیلیٰ کو :

ایک دن مجنوں سے لیلیٰ نے کہا　　میں ابھی آتی ہوں تو یہاں رہ کھڑا　　(ص ۱)

اختتام : ہے شکست جام سے مجھ پر عیاں　　مجھ سے وہ رکھتے ہیں ہر اک راز نہاں　　(ص ۳۹)

* نستعلیق خوش۔ کاتب مرتب ۱۹۰۶ء کی کتابت ہے، ۴۰ صفحات، ۱۲ ر بیت

Marfat.com

بیاض محمد سراج الحق (نثر، مطالعہ عمومی) اس بیاض میں محمد سراج الحق صاحب (۱۸۴۰ء - ۱۹۱۷ء) نے اپنی ضرورت اور ذوق وشوق کے مطابق مختلف نوٹس جمع کئے ہیں مثلاً:

مشتمل بر شجرۂ طریقت خود، اوراد و وظائف، مسائل، فقہ، عملیات، نجوم، خطبات جمعہ، تعویذات، اوقات بسری خود، تاریخ ولادت اولاد خود، قلمی یکم جنوری ۱۹۰۰ء، فہرست اشیاء مندرجہ کتاب محمد سراج الحق بقلم خود، اس کتاب میں مجموع ہے جس کی ہر وقت ضرورت رہتی ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ الذی جعل الارادۃ ذریعۃ الوصول الی اللہ . . . . . (ص ۱)

اختتام: نفقہ حسب اوقات خود اگر اس میں سے کچھ دریغ کرے گا، گنہگار ہو گا۔ (ص ۸۰)

* نستعلیق خوش، کاتب محمد سراج الحق، یکم جنوری ۱۹۰۰ء، ۸۰ صفحات۔

پیاری ہتھکڑی (نثر، ادب) تالیف مولانا خواجہ حسن نظامی (۱۸۷۸ء - ۱۹۵۷ء) کئی بار چھپ چکی ہے۔ نصرت اور مس جوئی کی محبت، علیش، مصائب اور خودکشی کا افسانہ۔

آغاز: پہلا باب نامۂ شوق، میری جوئی سلام۔ اُفوہ کتنی مشکل سانس آیا (ص ۲)

اختتام: مرتے تک نصرت نے اپنی جوئی کے بالوں کا چھلا ہاتھ میں پیاری ہتھکڑی بنائے رکھا۔ تم نے دیکھا، ناقص تعلیم، مشن کی مسوں کی صحبت اور آزادی اور فضول خرچی اور جوئے بازی کا یہ نتیجہ اور انجام ہوتا ہے۔ تمام شد، ۲۴ ذیقعدہ ۱۳۲۴ھ (ص ۲۰)

* نستعلیق خوش، کاتب سراج الحق، ۲۴ ذیقعدہ ۱۳۳۴ھ (۱۹۱۶ء) ۲۰ صفحات، ۲۰ سطریں۔

تاریخ قصبۂ مہم (نثر، تاریخ) مؤلفہ پیرزادہ ابراہیم حنیف۔ حالات و کتبہ جات و عمارات قدیم مہم۔

آغاز: کتبہ گنج شہیدان اندرون احاطہ خانقاہ میراں جی صاحب واقع قصبہ مہم، ۱۰ ذی الحجہ سنہ ۷۴۴ھ (ص ۱)

اختتام: اس کے حامی اور مددگار ہوں (ص ۱۸۰)

* نستعلیق خوش، بخط مرتب، ۲۲ جمادی الاول ۱۳۳۶ھ، کی کتابت ہے، ۱۸۰ صفحات

Marfat.com

تحقیق نسب نامہ آل زبدۃ الاولیا قاضی قوام الدین (نثر، تاریخ) مرتبہ شفاء اللہ صدیقی متولد (۱۹۲۴ء)

آل قاضی قوام الدین کے ۹۷۲ مردوں نے اپنے نسبی کوائف اپنے قلم سے تحریر کئے ہیں۔ جن میں نام، والد کا نام تاریخ و مقام پیدائش، مستقل پتہ، ٹیلی فون نمبر، اہلیہ کا نام، اہلیہ کے والد کا نام، تاریخ نکاح اور تفصیل اولاد درج ہے۔

آغاز: نمبر ۱، فصیح الدین ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۱)

اختتام: ۔ ۔ ۔ ۔ ڈاکٹر فرحت فاروق (ص ۴۸۲)

* نستعلیق خوش، کاتب مرتب، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ ۴۸۲ صفحات

تسکین الخاطر (نثر، عرفان) مؤلفہ مولانا قاری حافظ محمد اعظم نقشبندی

مجددی ۱۳۸۵ھ سے ۱۳۸۹ھ تک تالیف کی ہے۔

اس میں حضرت محمد سلطان عالم نقشبندی المعروف قبلہ عالم، مدفون کالا دیو ضلع جہلم کے حالات و کرامات تحریر کئے گئے ہیں۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الحمد للہ رب العالمین ۔ ۔ ۔ ۔ اما بعد فقیر ۔ ۔ ۔ ۔ محمد اعظم نقشبندی مجددی خادم دربار چھپیاں شریف ضلع میرپور آزاد کشمیر ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۱)

اختتام: نماز پنجگانہ کی طرف راغب ہوا۔ (۹۹۰)

* نستعلیق خوش، کاتب لانس نائیک بشیر احمد طاہر، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۱۰۰۰ صفحات

تعلیم (نثر۔ تعلیم) مؤلف قاضی سراج الدین احمد بیرسٹرایٹ لا راولپنڈی۔ قاضی صاحب

موصوف ایک معروف ادیب تھے۔ کئی کتب، رسائل اور مضامین یادگار چھوڑے ہیں۔ سرسید تحریک کے ایک نامور فرد تھے۔ آئینہ برکات پنجاب (مطبوعہ ۱۹۱۴ء) حقیقت خلافت اور مسلمانوں کا فرض (مطبوعہ) ان کی شاہکار تحریریں ہیں۔ وہ اخبار چودھویں صدی راولپنڈی کے مالک اور ایڈیٹر تھے۔ "سرمور گزٹ" ناہن (انڈیا) کے بھی ایڈیٹر رہے۔ خزانہ صدیقی میں ان کی مطبوعہ و غیر مطبوعہ کتب و رسائل اور تحریریں موجود ہیں۔

یہ کتاب انھوں نے تعلیم کے موضوع پر لکھی ہے۔ کتاب میں مختلف عنوان ہیں، مقدمہ، پہلا باب، ذہنی و عقلی تعلیم حصہ اوّل، اصول میں، حصہ دوم، عمل میں، دوسرا باب، جسمانی یا بدنی تعلیم، تیسرا باب، اخلاقی تعلیم ۔ ۔ ۔ ۔ دوسری فصل مذہبی تعلیم۔

Marfat.com

آغاز: بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم، مقدمہ۔ کیا سبب ہے کہ مسلمانوں کے اکثر لڑکے یورپین سائنسز اور لٹریچر میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۱)

اختتام: مرادِ ما نصیحت بود گفتیم حوالت باخدا کردیم و رفتیم (ورق ۳۰۰)

* نستعلیق خوش، کاتب مؤلف ۲۰ر نومبر ۱۸۸۹ء، ۳۰۰ ورق، ۲۱ سطریں، بڑا سائز

جنگ نامہ (نظم۔ ادب) شاعر کا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ شروع میں حمد اور نعت کے عنوان ہیں۔ اس کے بعد رسمی جنگ ناموں (واقعہ کربلا) کی مانند کے عنوانات ہیں۔ شاعر نے اس جنگ نامہ کو بروز جمعرات ۱۵ر ذی الحجہ ۱۱۷۵ ہجری میں مکمل کیا۔ پہلے ۱۹۴۰ شعر کہے تھے پھر ۲۰۴۹ نئے شعروں کا اضافہ کیا اور شاعر کے بقول ۳۹۰۹ شعر ہیں جبکہ یہ ۲۹۸۹ بنتے ہیں۔ شاعر کی زبان میں یہ بات ملاحظہ فرمائیے:

پندرھویں جو تاریخ ذی الحجہ کی کہ ہندوی زبان میں یارو درج تھی
گیارہ سے پچھتر تھے ہجری جو سن کہا راست کریں، نہیں اس میں ظن
اُنیس سے چالیس اے پہلے بیت ہیں دو ہزار چل نہ نئے بیت ہیں
سبھی بیتوں کا جو کیا میں شمار انتالیس سو نو آئیں در شمار (ص ۳۸۰-۳۸۱)

آغاز: بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم؛

اوّل حمد توحید رب پاک سے کہ عالم ہوا جس کے یک ہانک سے (ص ۱)

اختتام: نبیؐ جو سبوں کی شفاعت کریں جو دوزخ سیتے دی خلاصی کریں

جنگ نامہ تمام شد (ص ۳۸۱)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، چودھویں صدی کی کتابت ہے، ایک مجموعے کے شروع میں ہے، اس کے بعد "پیام صغرا" کے نام سے ایک مرثیہ ہے جس کا سر اپنده "گوہر" ہے، ۳۸۲ صفحات، ۱۰ سطریں

جھجّر میں پناہ گزینوں کی فہرست (نثر، تاریخ) مرتبہ و مرقومہ شیخ ایوب علی نمبردار اور صدر مسلم لیگ جھجر ضلع رہتک (ہندوستان)، ستمبر سے اکتوبر ۱۹۴۷ء تک۔

آغاز: ۲۹/۹/۴۷ء پناہ گزین قصبہ بہادر گڑھ۔ (ص ۱)

اختتام: ۳۰/۱۰/۴۷ء پناہ گزین موضع سکندر پور ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۵۱)

* نستعلیق خوش، کاتب شیخ ایوب علی ستمبر، اکتوبر ۱۹۴۷ء کی کتابت ہے، ۵۲ صفحات

Marfat.com

حالاتِ خواتین (نثر، تاریخ) مصنفہ عائشہ بیگم صدیقہ (۱۸۷۰ء - ۱۹۵۲ء) بنت مولوی عبدالشکور تھی اور والدہ پیرزادہ ابراہیم حنیف صدیقیؔ یہ تالیف ۱۹۲۰ء میں مکمل ہوئی۔ لیکن کئی برس پہلے سے شروع کی گئی تھی۔ اس مختصر کتاب میں آل قاضی قوام الدین کی ڈیڑھ صدی تک کی خواتین کے حالات انہیں کے زمانے کی زبان میں تحریر کئے گئے ہیں اور یوں بارھویں صدی ہجری کے آغاز سے لے کر مصنفہ کی زندگی تک کی خواتین کے حالات اس میں موجود ہیں۔ کتاب اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ خاندان صدیقی میں عورتوں کی تعلیم قدیم سے چلی آرہی ہے۔ اوران میں اکثر خواتین عالمہ و فاضلہ ہوئی ہیں۔

(تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیے، ہادی ہریانہ : ۳۱ — ۳۲)

آغاز: **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**، اپنی دادی کی زبانی جو حال سنا . . . (ص ۱)

اختتام: خالہ رقیہ خود لے گئیں (ص ۱۶۰)

* نستعلیق خوش، بخط مصنفہ، ۱۹۲۰ء، ۱۶۰ صفحات

حیاتِ ناشاد (نثر، تاریخ) یہ پیرزادہ ابراہیم حنیف (۱۸۹۱ء - ۱۹۶۰ء) کی خود نوشت سوانح عمری ہے جس میں ان کی (بالخصوص ابتدائی) زندگی کے حالات و واقعات موجود ہیں۔

(مؤلف کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے۔ مآثر، ۱۵۳ - ۷۴)

آغاز: **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الحمد للہ رب العلمین** . . . . . علاقہ ہریانہ میں . . . . (ص ۱)

اختتام: . . . محمد احسن سابق وکیل (ص ۳۱)

* نستعلیق خوش، بدست مؤلف، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۳۲ صفحات

خلاصہ پدماوت نثر، ادب، رانی پدماوت اور راجہ رتن سین کے عشق کی یہ داستان ملک محمد جائسی نے برج بھاشا زبان میں تالیف کی تھی۔ محمد سراج الحق بن فیاض الحق م ۱۲۶۹ھ نے ۱۹۱۶ء میں پہلی بار اس کتاب کا یہ خلاصہ (اردو ترجمہ) کیا جو اس لحاظ سے خاصی اہمیت کا حامل ہے۔ ہر واقعہ ت قبل عنوان ہیں۔ پہلا عنوان: آغاز قصہ باب پیدائش پدماوت (ص ۳) اور آخری عنوان و سات داستانوں کے

Marfat.com

بعد، سوال وجواب رانی پدماوت اور ناگ متی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۱۴۴)

(مترجم کے حالات کے لئے دیکھئے، مآثر: ۲۳۳)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اول حمد، بعد کو لغت پھر مدح اصحابؓ اس کے بعد سبب تألیف اس کتاب کا جو مضمون دیکھا گیا تو بزبان بھاکھ پایا گیا۔ مگر اردو زبان میں ترجمہ موجود تھا بدین وجہ کچھ سمجھ میں آ گیا تو خلاصہ مضمون تحریر کیا گیا۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۱)

اختتام: وہی ہوتا ہے جو منظور خدا ہوتا ہے۔ تمام شد، تاریخ کتابت ۱۶ ۱۹۱۹ء، بخط محمد سراج الحق، (ص ۱۵۶)

* نستعلیق، بخط مؤلف، ۱۹۱۶ء، ۱۵۶ صفحات، ۱۹ سطریں

خود نوشت سوانح عمری عائشہ بیگم

(نثر، تاریخ) عائشہ بیگم صدیقہ (۱۸۷۰ء - ۱۹۵۲ء) بنت مولوی عبدالشکور مہمی، مصنفہ "حالاتِ خواتین" کی خود نوشت سوانح عمری ہے۔ جس میں انہوں نے اپنے خاندان کی گھریلو زندگی کی تصویر دلنشین زبان میں پیش کی ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میرا بچپن کا زمانہ، جب میں پیدا ہوئی تو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۱)

اختتام: جب وہ مرا تو مجھ کو اور ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ (ص ۶۸)

* نستعلیق خوش، بدست مصنفہ، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۶۸ صفحات

درسِ غالب: سرودِ غالب

(نظم، ادب) یہ "دیوان غالب" کا کتابت شدہ مسودہ ہے جسے پیرزادہ ابراہیم حنیف (م ۱۹۶۰ء) نے مرتب کیا تھا۔ مرتب نے (شاید ۱۹۲۷ء میں ہی) اس دیوان کو طباعت کے لئے کتابت کرایا تھا۔

(مرتب کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے۔ مآثر: ۱۵۳ - ۱۶۴)

آغاز: نہ تھا کچھ۔ تو خدا تھا۔ کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا۔ (ص ۱)

اختتام: ۔ ۔ ۔ ہمیشہ کھاتے تھے۔ جو۔ مری جان کی قسم۔ (ص ۱۶۰)

Marfat.com

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے۔ (شاید ۱۹۲۷ء)، ۱۶۰ صفحات

دھیز (جہیز) نامہ بی بی فاطمہؓ (نظم، ادب) سرودۂ حضرت شاہ عبدالحکیم نھمیؒ (۱۱۲۱ھ - ۱۱۸۷ھ)

اس کے علاوہ شاعر کی مندرجہ ذیل تالیفات ہیں:

کمال ایوبی (فارسی)، رسالہ علم الفرائض (فارسی) منقبتیں (فارسی) اور خواب نامہ پیغمبر (فارسی) شاعر کا نام منظومے میں یوں آیا ہے:

دُنیا اور دیں کے کام میں گزراں نے اپنی یوں کہا

عبدالحکیم او پر فضل اپنا کیا ہے ربّ سے سبھی (ص ۸)

اس رسالے میں خاتونِ جنّت حضرت فاطمۃُ الزہرا رضی اللہ عنہا کے جہیز کا ذکر ہے۔ شاعر نے مسلمانوں کو ترغیب دی ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سُنّت پاک پر عمل کرتے ہوئے بیٹیوں کی شادی میں عجلت اور سادگی کا مظاہرہ کریں۔

(شاعر کے حالات کے لیے ملاحظہ فرمایئے، مآثر: ۸۸)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:

حمد خدا پہلے کہوں ہر بات میں بہتر کیا حضرت نبیؐ اصحابؓ آلؓ او پر درود اظہر کیا (ص ۱)

اختتام: تابع محمدؐ، آلؓ، اور اصحابؓ، اولیاؒن کا کیا (ص ۸)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، بارھویں صدی ہجری کی کتابت ہے ۸، صفحات، ۸۰ بیت

ذکرِ صحابیؓ (نظم، ادب) شروع میں گویا حضرت ابن حمید رضی اللہ عنہ کے زہد و تقویٰ اور ایمان کے اعلیٰ مدارج کا ذکر ہے اور پھر شاعر کے اپنے زمانے کی زبوں حالی اور عوام و خواص کے عیوب اور عیاشیوں کا بیان ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:

ایک صحابیؓ ہیں جو شکل میں ابن حمیدؓ بندہ بقولِ حق بی مکر و کید (ص ۱)

اختتام:

رات دن رنڈیوں کے ناچ میں مینوشش ہیں یہ

کیسے بیہوشس نہ ہو جائیں کہ مے نوش ہیں یہ (ص ۸)

Marfat.com

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ایک مجموعے میں تیسرے نمبر پر (اس سے پہلے دو رسالے اور ہیں) ہر صفحے پر ۱۲ بیت ہیں، ۸۰ صفحات

رجسٹر آمدنی و خرچ مسلم لیگ مجلس عمل رہتک (نثر، تاریخ) یہ رجسٹر شیخ اصغر علی قریشی بی اے (متولد ۱۹۱۸ء) سیکرٹری مسلم لیگ ایکشن کمیٹی ضلع رہتک کا مرتبہ و محررہ ہے جو جنوری فروری ۱۹۴۷ء کی پنجاب مسلم لیگ کی تحریک سول نافرمانی سے متعلق ہے۔

آغاز: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ آمدنی، ۲۸/۱/۱۹۴۷ء (ص ۱)

اختتام: ۶/۱/۱۹۴۷ء ..... مد پہنچا دی ہے۔

* نستعلیق خوش، کاتب شیخ اصغر علی، جنوری ۱۹۴۷ء کی کتابت ہے، ۵۴ صفحات

رجسٹر اسمائے ممبران مسلم لیگ قصبہ جھجر ضلع رہتک مع رجسٹر خط و کتابت (نثر، تاریخ) محررہ شیخ ایوب علی صدر مسلم لیگ جھجر۔ اس رجسٹر میں مسلم لیگ جھجر کے ممبران کے نام اور لیگ سے متعلق خط و کتابت (مورخہ ۹ دسمبر ۱۹۴۵ء سے ۶ جنوری ۱۹۴۶ء تک) کا اندراج ہے۔

آغاز: رجسٹر اسمائے ممبران۔ اکتوبر ۱۹۴۵ء ...... (ص ۱)

اختتام: ۳۰/۵/۱۹۴۶ء .... خیر محمد خان ولد حافظ علی محمد خان (ص ۱۶)

* نستعلیق، بقلم شیخ ایوب علی۔ اکتوبر ۱۹۴۵ء سے مئی ۱۹۴۶ء تک کی کتابت ہے۔ ۱۶+۲۰ صفحات (خط و کتابت)

رجسٹر خط و کتابت و فہرست ارکان سٹی مسلم لیگ ضلع رہتک (نثر، تاریخ)

محررہ پیر بشیر الدین صدیقی (متولد ۱۹۱۹ء) حافظ صدیق الدین صدیقی (۱۸۷۴ء-۱۹۵۰ء) سیکرٹریان اور طاہر علی صدیقی آفس سیکرٹری سٹی مسلم لیگ ضلع رہتک۔

اس رجسٹر میں ۱۳ جون ۱۹۴۱ء سے ۲۹ جنوری ۱۹۴۶ء تک کی کاروائی درج ہے۔

(بشیر الدین اور صدیق الدین کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے، مآثر: ۲۶۱، ۲۸۶)

Marfat.com

آغاز : (پہلا اندراج) : ۱۳ جون ۱۹۴۱ء (کو مسلم لیگ کا تاسیسی) جلسہ ہوا (ص ۱)

اختتام : (آخری اندراج) ۱۹۴۶/۱/۲۹ء (ص ۷۰)

* نستعلیق خوش، کاتب: پیر بشیر الدین صدیقی، حافظ صدیق الدین صدیقی اور طاہر علی صدیقی۔ ۱۳ جون ۴۱ء سے لے کر ۲۹ جنوری ۱۹۴۶ء تک، ۷۰ صفحات

رجسٹر روئیداد جلسہ ہای مسلم لیگ قصبۂ جھجر ضلع رہتک

(نثر، تاریخ)، مرتبہ و مرقومہ میر مبارک علی سیکریٹری مسلم لیگ جھجر اور شیخ ایوب علی نمبردار و پریذیڈنٹ مسلم لیگ جھجر (ہندوستان، اکتوبر ۱۹۴۵ء سے ستمبر ۱۹۴۶ء تک

آغاز : ۷ ستمبر ۱۹۴۶ء کو ڈائریکٹر سول سپلائی (ص ۲۹)

اختتام : ۴۵/۱۲/۱۶ء ایک وفد جس میں مندرجہ ذیل اصحاب تھے ..... (ص ۱)

* نستعلیق خوش، کاتب میر مبارک علی اور شیخ ایوب علی اکتوبر ۱۹۴۵ء سے ستمبر ۱۹۴۶ء تک کی کتابت ہے، ۳۰ صفحات

رجسٹر کاروائی مجلس عمل مسلم لیگ رہتک

(نثر، تاریخ) مرتبہ و مرقومہ محبوب الٰہی بی اے سیکرٹری مسلم لیگ رہتک ۲۵ اپریل ۱۹۴۷ء سے یکم اگست ۱۹۴۷ء تک کی کاروائی درج ہے۔

آغاز : آج مؤرخہ ۲۵ اپریل ۱۹۴۷ء مجلس عمل ...... (ص ۳)

اختتام : اجلاس منعقدہ یکم اگست ۱۹۴۷ء .... ان کے ناموں کا پبلک کی آگاہی کیلئے اعلان کردیں (ص ۲۵)

* نستعلیق خوش، کاتب محبوب الٰہی، چودہویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۲۶ صفحات

رسالہ فضائل قرآن و فضیلت ماہ مبارک رمضان

(نثر و نظم، دین اسلام) از حکیم الحاج فیاض الحق (متوفی ۱۴ رمضان ۱۲۶۹ھ) بن حفیظ الحق بن شیخ فضل حق المہی، ساکن قصبہ محمدی۔ ضلع لکھیم پور کھیری یو۔ پی انڈیا بفرمائش مظہر علی بن حکیم ولی اللہ بن احسن اللہ بن شیخ خیر اللہ، ساکن محلہ یاسین گنج۔ لکھنؤ (ص ۲، نسخہ۔ مآثر: ۲۱) کہتے ہیں کہ میں بھائی ولی اللہ کے مکان میں بیٹھا تھا کہ ان کے بیٹے مظہر علی نے یہ رسالہ لکھنے کی فرمائش کی (ص ۲، نسخہ) تاریخ تالیف ۱۲۶۶ھ (ایضاً ۳)

Marfat.com

قرآن مجید (ص ۳ - ۵۸، نسخہ) اور رمضان المبارک (ص ۵۸ - ۸۸، نسخہ) کی فضیلت، مشکوٰۃ شریف اور دوسری معتبر کتب سے منتخب کر کے لکھی ہے (ایضاً)

نثر کے ساتھ اپنے اشعار بھی متن میں جا بجا لائے ہیں۔

(مؤلف کے مفصل حالات کے لئے ملاحظہ فرمایئے، مآثر: ۲۲۳)

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:

ایسا وہ خالق ہے میرا کردگار   جس کا مظہر ہر طرف ہے آشکار۔ (ص ۱)

اختتام: (ناقص): اور مکروہ ہے روزیدار کے لئے کرنا اوس چیز کا کہ ضعف ہوجاوے اس سے... (ص ۸۸)

* نستعلیق خوش، کاتب مؤلف، ۱۲۶۶ھ، عنوان سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں، ۸۸ صفحات، ۱۵ سطریں

رنگیلی (نظم، ادب) سرودۂ حضرت شاہ محمد رمضان شہیدؒ ہادی ہریانہ (شہید: ۱۲۴۰ھ) مؤلف وصیت نامہ۔ سورۃ الاخلاص کا قدیم اردو (ہریانی) میں منظوم خلاصہ پیش کیا گیا ہے (ملاحظہ فرمایئے آغاز و حواشی نسخہ ۲)

(شاعر کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمایئے، ہادی ہریانہ و مآثر: ۹۴ - ۱۱۷)

آغاز: (نسخہ ۱): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:

حمد لکھوں تیری خالق باری   تو نے خاک کری اُجیاری (ص ۱)

" (نسخہ ۲): وحدت قل ہو اللہ احد..... ایضاً (ص ۱)

" (نسخہ ۳): حمد کہوں۔ اُس خالق باری   جن یہ خاک کری۔ اُجیاری (ص ۱)

اختتام: (نسخہ ۱ تا ۳):

داب بنا یہ جگ نہیں   نہ ملک نہ رعیت نہ شاہ
کیونکہ وہ اندا فہوں   جو شاہوں کے شاہ (ص ۲۶، نسخہ ۱)

* نستعلیق خوش، بدست پیرزادہ ابراہیم حنیف، چودھویں صدی ہجری کی کتابت لگتی ہے، ۲۶ صفحات، مجموعاً ۱۸۹ ابیات۔

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، ایضاً، گویا طباعت کے لئے تیار کی گئی تھی، حاشیے میں ہریانی لغت کے اُردو زبان

Marfat.com

میں معانی درج ہیں، ۱۳۱ صفحات، آغاز قدرے مختلف ۔

* نستعلیق خوش، بقلم پیرزادہ ابراہیم حنیف، ایضاً، ۱۵ صفحات، آغاز قدرے مختلف۔ یہ نسخہ پیرزادہ موصوف نے فقیر محمد یار کے کتابت کردہ نسخے سے ۱۲ جمادی الاول ۱۳۳۶ھ میں نقل کیا جو فقیر موصوف نے اپنے ممدوح حاجی خدابخش جیو کے لئے کتابت کیا تھا (ص ۱۵، نسخہ)

روزنامچہ ضلعی افسر رابطہ پاکستان در رہتک (نثر، تاریخ) حکومت پاکستان نے مشرقی پنجاب (ہندوستان) سے مسلمانوں کے انخلا کے لئے ہر ضلع میں اپنا ایک افسر رابطہ مقرر کیا تھا۔ یہ ضلع رہتک کے لئے افسر رابطہ جناب شیخ ایوب علی کی جولائی ۱۹۴۸ء تک کی کارگزاری ہے۔

آغاز: ۱۸/۵/۴۸ء، ..... آج صبح سویرے (ص ۱)

اختتام: ۱۳/۷/۴۸ء، ..... جس میں پانچ بچے اور چودہ لڑکیاں ..... (ص ۲۷)

* نستعلیق خوش، کاتب شیخ ایوب علی (ڈی۔ ایل۔ او) و محمد ابراہیم سینیئر کلرک۔ مئی ۴۸ء سے لے کر جولائی ۱۹۴۸ء تک کی کتابت ہے، ۲۸ صفحات

روزنامچہ خاتون افسر رابطہ (نثر، تاریخ) ضلع رہتک میں پاکستان کے مقرر کردہ ضلعی افسر رابطہ بیگم غلام فاطمہ (ڈی۔ ایل۔ او) کا روزنامچہ۔ اس میں ۱۸/۴/۴۸ء سے ۳/۷/۱۹۴۸ء تک کا اندراج ہے۔
روزنامچہ کی دوسری طرف چھ صفحات پر اغوا شدہ عورتوں اور بچوں کی فہرست و دیگر کوائف درج ہیں۔

آغاز: فہرست سامان لیڈی ڈی۔ ایل۔ او ضلع رہتک (ص ۱)

اختتام: ۳/۷/۱۹۴۸ء قوم بوار سکنہ فیروزپور چھاؤنی کی رہنے والی ہوں ... میری عمر ۱۸ سال کی ہے (ص ۱۶)

* نستعلیق خوش، کاتب بیگم غلام فاطمہ۔ اٹھارہ اپریل ۱۹۴۸ء کی کتابت ہے، ۱۶+۲ صفحات

روزنامچہ محمد منہاج الحق (نثر، تاریخ) محمد منہاج الحق ۱۸۹۱ء–۱۹۴۳ء یو۔ پی۔ ہندوستان کے مختلف اضلاع میں سب انسپکٹر پولیس تھے۔ ان کے روزنامچے کی جلدیں خزانۂ صدیقی میں محفوظ ہیں گو یہ شخصی نوعیت کی تحریر ہے لیکن اس میں ۱۹۲۰ء سے ۱۹۴۳ء تک کے مختلف پیشہ ورانہ، تاریخی، علمی و خاندانی

Marfat.com

حالات مندرج ہیں۔

(محمد منہاج الحق کے حالات کے لئے ملاحظہ فرمائیے، آثر: ۲۳۲)

آغاز: (۱): یادداشت روزانہ کام محمد منہاج الحق.....

۱۱ر دسمبر ۲۰ء، شنبہ، نتیجہ امتحان پولیس ٹریننگ اسکول سنایا گیا (ص ۱)

آغاز: (۲): یکم جنوری ۱۹۲۷ء، شنبہ، بموجودگی تھانہ، متفرقات کار سرکار انجام دیا (ص ۱)

آغاز: (۳) یکم جنوری ۳۱ء، پنجشنبہ، کار خاص سرقہ ..... (ص ۱)

آغاز: (۴) ۱۸ر مئی ۳۷ء، سہ شنبہ، محمدی میں قیام .... (ص ۱)

اختتام: (۱): ۳۱ر دسمبر ۲۶ء جمعہ، بمقام تھانہ ہسائن ضلع علیگڑھ تمام شد (ص ۲۱۲)

اختتام: (۲): ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۰ء، چہارشنبہ، قصبہ ہسائن سے روانہ ہوکر واسطے تلاشی مدعیان.... (ص ۱۷۶)

اختتام: (۳): ۷ امئی ۳۷ء، دوشنبہ، برخوردار محمد ضیاالحق محمدی آئے ..... (ص ۳۵۲)

اختتام: (۴): ۴ر ستمبر ۴۳ء، شنبہ، تحصیل مگھ سے تبدیل ہوکر محمدی روانہ ہوئے .... (ص ۱۵۴)

* نستعلیق خوش، محمد منہاج الحق، ۱۱ر دسمبر ۱۹۲۰ء سے ۳۱ر دسمبر ۱۹۲۶ء تک کی کتابت ہے، ۲۱۲ صفحات
* نستعلیق خوش، ایضاً، یکم جنوری ۱۹۲۷ء سے ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۰ء تک کی کتابت ہے، ۱۷۶ صفحات
* نستعلیق خوش، ایضاً، یکم جنوری ۱۹۳۱ء سے ۱۷ مئی ۱۹۳۷ء تک کی کتابت ہے، ۳۵۲ صفحات
* نستعلیق خوش، ایضاً، ۱۸ مئی ۱۹۳۷ء سے ۴ ستمبر ۱۹۴۳ء تک کی کتابت ہے ۱۵۴ صفحات

رُہتک مُسلم لیگ کا بچا کھچا ریکارڈ

(نشر تاریخ) مرتبہ پروفیسر منظور الحق صدیقی، اس میں ضلع رُہتک، صوبہ ہریانہ، ہندوستان کی مسلم لیگ کے گیارہ رجسٹروں کی نقل ہے۔ جس میں خط و کتابت، آمدنی، خرچ، مجلس عمل، کوائف مجروحان و پناہ گزینان، اسمائے ممبران، چندہ، جلسوں کی روئیداد، رُہتک میں پاکستان کے ضلعی افسر رابطہ کا روزنامچہ، رجسٹر قانون افسر رابطہ اور تحریک پاکستان سے متعلق متفرق یادداشتیں درج ہیں۔ دراصل یہ کتاب طباعت کے لئے تیار کی گئی تھی۔

آغاز: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ تعارف، رُہتک مُسلم لیگ کے دستیاب ریکارڈ میں .... (ص ۲)

Marfat.com

اختتام: اصل بقلم محمد ابراہیم سینیئر کلرک... (ص ۳۲۴)

* نستعلیق، منظور الحق صدیقی، چودھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۳۲۴ صفحات

شعرا کی مقابلہ آرائی (نظم، ادب) مرتبہ پیرزادہ ابراہیم حنیف (۱۸۹۱ء — ۱۹۶۰ء)

مرتب نے مختلف اردو اور فارسی شعرا کے ہم مطلب کلام کا مقابلہ کیا ہے۔ پہلی (دائیں) طرف اُردو اور دوسری (بائیں) جانب (اس کا ہم مطلب) فارسی شعر لکھا گیا ہے۔ مرتب نے (شاید ۱۹۲۷ء میں ہی) اس مسودے کو طباعت کے لئے کتابت کرایا تھا۔

(مرتب کے حالات کیلئے ملاحظہ فرمائیے، ۱۵۳-۱۷۴)

آغاز: سودا = کیفیت چشم اسکی مجھے یاد ہے ساغر کو میرے ہاتھ سے لینا کہ چلا میں

: لبوئے یار من از یں سست وفائی آید نگم از دست بگیرید کہ از کار شدم = نظیری = (ص ۱)

اختتام: (پراگندہ): حریف مطلب مشکل نہیں فسون نیاز

دعا قبول ہو یارب کہ عمر خضر دراز = غالب = (ص ۶۹)

* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، چودھویں صدی ھجری کی کتابت ہے (شاید ۱۹۲۷ء) ۷۰ صفحات

قصص الانبیاء (نظم، ادب)

شاعر کا نام معلوم نہیں ہوسکا۔ کتابت کے ناقص الطرفین ہونے کی وجہ سے حضرت شیث علیہ السلام سے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک کے انبیائے کرام کے حالات موجود ہیں۔ شروع سے حضرت آدمؑ اور آخر سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دائی حلیمہؓ کے پاس سے بعمر مبارک پانچ سال واپس مکہ پہنچنے کے بعد کے واقعات ضائع ہو چکے ہیں۔ مزید تحقیق کے لئے یہ نشانی دی جاتی ہے۔

قصہ حضرت یوسف علیہ السلام:

ایک ادنھوں میں یوسف جایا جا سین سورج چند لجایا (ص ۱۱۶)

ذکر وفات حضرت داؤد علیہ السلام:

آخر حکم خدا کا آیا جبرئیل نے لا پہنچایا (ص ۴۶۸)

خواب حضرت آمنہ رضہ:

خواب آمنہؓ نے جب دیکھا جس کا اکھا سویوں کر لیکھا (ص ۵۲۳)

Marfat.com

آغاز : (ناقص) ، جا کارن یہ دنیا ساری اون کی تابع ہوئی بچاری (ص ۴۹)
اختتام : دادا کنی رہا جب پیارا اوسنو کیا ہوا اشارہ (ص ۵۲۴)
* نستعلیق خوش، کاتب نامعلوم، بارھویں۔ تیرھویں صدی ہجری کی کتابت لگتی ہے، ناقص الطرفین ۴۷۶ (از ۴۹-۵۲۴)
صفحات ۱۶۰، ۱۷ ابیات

قصۂ حضرت سلیمان ع و ملکہ بلقیس (نثر، ادب) مؤلف یا جامع محمد سراج الحق بن فیاض الحق۔

حضرت سلیمان علیہ السلام اور ملکہ بلقیس کی معروف داستان کا خلاصہ ہے۔

مختلف عنوان، تمہید داستان ... ھُدھُد اور ملک سبا، ملکہ بلقیس، خط کا ترجمہ، جواب ملکہ بلقیس، جانا ملکہ بلقیس کا پاس حضرت سلیمان علیہ السلام کے (ص ۲۰)

آغاز : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ولقد اتینا داود و سلیمان علماً ..... ترجمہ اور ہم نے ... (ص ۱)

اختتام : ملکہ بلقیس ۹ مہینے اور سات سال تک حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت شریف میں رہیں اوس کے بعد مدینہ تدمر میں آپ کی وفات ہوئی۔ ان ذالک لعبرۃ الاولی الباب۔
تمام شد (ص ۲۳)
* نستعلیق خوش، کتابت مؤلف یا جامع، تیرھویں صدی ہجری کی کتابت ہے، ۲۴ صفحات، ۸ سطریں

قصۂ فقیر اور دخترِ گاذر (نثر، ادب) مؤلفہ محمد سراج الحق بن فیاض الحق۔

ایک روحانی کہانی ہے۔ چراغ علی شاہ نامی ایک بزرگ ہیں جو خود کو حضرت مولوی محمد مراد اللہ چشتی کا مرید کہتے ہیں (ص ۵)۔ دخترِ گاذر ایک دیہاتی لڑکی ہے جو بزرگ موصوف کا پیچھا کرتی ہے (ص ۲۰)، بزرگ اپنے مؤکل کے ذریعے اس کا معالجہ کرتے ہیں (ص ۲۱)۔ ... آخر کار دخترِ گاذر اپنی دو اور سہیلیوں دخترِ گوجر اور بلاقن کے ہمراہ (جو اسی جیسی بیماری میں مبتلا ہوتی ہیں، غائب ہو جاتی ہے۔ فقیر موصوف کی عجیب و غریب کوششوں سے تینوں جان لیوا مرحلوں سے گزرنے کے بعد مل جاتی ہیں ... پھر مسلمان ہوتی ہیں پھر ان کو موت آجاتی ہے۔

